TIGHT BINDING BOOK

UNIVERSAL LIBRARY

OU_222695

UNIVERSAL LIBRARY

OUP—556—13-7-71—4,000.

# OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY

Call No. A ۹۱۵ ح ۳۱۰۹ Accession No. U 283

Author حمید خواجہ خان اورنگ آبادی

Title گلشن گفتار مرتبہ [illegible]

This book should be returned on or before the date last marked below.

۹۴

سلسلہ مطبوعات مکتبہ ابراہیمیہ

# گلشن گفتار

مرتبہ

سید محمد ایم۔ اے

۷۸۶
۴۹۲

سلسلہ مطبوعات مکتبہ ابراہیمیہ

# گلشن گفتار

## شعرائے اردو کا قدیم ترین تذکرہ

تصنیف

خواجہ خاں حمید اورنگ آبادی

مرتبہ

سید محمد ایم اے

طبع اول　　مطبوعہ خورشید پریس یوسف بازار نیا پل　　قیمت ۲ار

٢٣١٠٩ ٩١٤
ج س

# فہرست مندرجات


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | مقدمہ | ۱ | ۱۸ | ناجی | ۴۰ |
| ۲ | دیباچہ مصنف | ۱ | ۱۹ | تاباں | ۴۰ |
| ۳ | نصرتی | ۶ | ۲۰ | یقین | ۴۴ |
| ۴ | ولی | ۸ | ۲۱ | احسن | ۵۰ |
| ۵ | اشرف | ۱۲ | ۲۲ | زانی | ۵۱ |
| ۶ | رضی | ۱۳ | ۲۳ | اعظم | ۵۲ |
| ۷ | فزلی | ۱۴ | ۲۴ | قایم | ۵۳ |
| ۸ | حشمت | ۱۵ | ۲۵ | کامل | ۵۳ |
| ۹ | مضمون | ۱۹ | ۲۶ | ابدال | ۵۴ |
| ۱۰ | عبدالرحیم | ۲۲ | ۲۷ | تفضلی | |
| ۱۱ | یکرو | ۲۳ | ۲۸ | داؤد | ۵۷ |
| ۱۲ | یکرنگ | ۲۳ | ۲۹ | عاجز | ۵۸ |
| ۱۳ | فایق | ۲۴ | ۳۰ | رسا | ۵۸ |
| ۱۴ | حاتم | ۲۵ | ۳۱ | وفا | ۶۳ |
| ۱۵ | آبرو | ۲۹ | ۳۲ | عزلت | ۶۵ |
| ۱۶ | مظہر | ۳۳ | ۳۳ | علیہیات | ۶۹ |
| ۱۷ | سودا | ۳۷ | ۳۴ | اشاریہ | ۷۱ |

# مقدمہ

جس طرح اردو شاعری کی بنیاد فارسی شاعری پر رکھی گئی اور اس کے نمونوں کو پیش نظر رکھ کر اردو میں بھی تمام اصناف سخن کی تکمیل کی گئی۔ اردو میں تذکرہ نویسی کا رواج بھی فارسی ہی کی تقلید میں ہوا۔ شعرائے فارسی کے جو تذکرے ایران میں تصنیف ہوئے ان سے قطع نظر ہندوستان میں بھی فارسی شاعری کے چرچوں کے ساتھ اس زبان کے شاعروں کے متعدد تذکرے لکھے گئے جب فارسی زبان کو سرکار دربار کی سرپرستی اور مسلمان امرا و علما کی اسلام دوستی یا ایران پسندی کے باوجود ہندوستان میں زوال ہونے لگا اور ہندو مسلمانوں کے باہمی میل جول سے جو زبان عالم وجود میں آئی تھی روز بروز فروغ پانے لگی تو اردو شاعری کا جو پودا سرزمین دکن میں لگایا گیا تھا خوب پھلنے پھولنے لگا۔ اور چند ہی دنوں میں ایسا تناور درخت ہو گیا کہ اس کی شاخیں ہندوستان کے طول و عرض میں پھیل گئیں۔

اردو ادب اور بالخصوص اردو شاعری کو جو ترقی اور وسعت ابتداءً دکن میں ہوئی اس کو دیکھتے ہوئے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ دکن میں بہت عرصہ پہلے شعرائے تذکرے لکھنے کا بھی چرچا ہوگا۔ عادل شاہی اور قطب شاہی

درباروں میں اردو کی سرپرستی اور بیجاپور، گولکنڈہ اور گجرات میں اردو شاعروں کی قبولیت عامہ کا تقاضہ بھی یہی ہے کہ ان شاعروں کے کئی تذکرے لکھے جاتے مگر اس وقت تک ایسی معلومات صحت و وثوق کے ساتھ حاصل نہیں ہوئیں اور نہ قدیم ترین اردو شاعروں کے تذکروں کا پتہ چلا ہے۔ اس وقت عام طور پر میر تقی کے "نکات الشعرا" کو اردو کا سب سے پہلا تذکرہ سمجھا جاتا ہے۔ اس تذکرے کا سنہ تالیف خود مولف نے تو کہیں نہیں بتایا مگر اس کا غائر مطالعہ کرنے سے اس کے سنہ تالیف کا تعین ممکن ہے اس کے مختلف بیانات اور دوسرے ذرائع معلومات کے باہمی مقابلے کے بعد یہ ثابت ہوتا ہے کہ اس کی تالیف ۱۱۶۵ھ میں ہوئی۔ نکات الشعرا کے علاوہ دوسرا تذکرہ فتح علی گردیزی کا ہے یہ بھی اسی سن میں لکھا گیا ہے ان میں اول الذکر تو کسی ناقص قلمی نسخے سے نقل کرکے انجمن ترقی اردو (اورنگ آباد) نے شایع کر دیا ہے اور ثانی الذکر ابھی تک شایع نہیں ہوا اس کا ایک مخطوط کتب خانہ آصفیہ (حیدر آباد) میں موجود ہے ایک تیسرا تذکرہ جو مذکورہ بالا تذکروں کے صرف تین سال بعد تالیف ہوا وہ "مخزن نکات" مولفہ قائم چاندپوری ہے اور دو تذکروں چمنستان شعرا (۱۱۷۵ھ) اور گلزار ابراہیم (۱۱۹۸ھ ہجری) پر بارہویں صدی ختم ہو جاتی ہے۔

بہ حالت موجودہ یہی اردو کے قدیم تذکروں کا ذخیرہ ہے یہ تمام تذکرے جیسا کہ اوپر بتایا گیا ہے بالکل فارسی تذکروں کی تقلید میں لکھے گئے ہیں۔ فارسی کی تقلید کا اثر اس قدر غالب ہے کہ یہ تمام تذکرے اردو شاعری کے ہوتے

---

[1] چمنستان شعرا اور تذکرہ گردیزی کے دیکھنے سے یہ حقیقت واضح ہو جاتی ہے کہ بعض جگہ حالات شعرا میں اور اکثر جگہ اشعار میں مطبوعہ نسخہ سراسر تحریفوں سے بھرا ہوا ہے ۱۲

کے باوجود فارسی زبان میں لکھے گئے ہیں ان سے اردو شاعری کے آغاز وارتقا، عہد بہ عہد کی تبدیلیوں اور مختلف دوروں کے میلانات وخصوصیات وغیرہ پر کوئی بصیرت افروز روشنی نہیں پڑتی اور وہ تمام چیزیں جو کسی ملک کی شاعری کی تاریخ میں پائی جانی چاہئیں تقریباً مفقود ہیں اکثر وبیشتر صورتوں میں تذکرہ نویسوں نے شاعروں کے نام معمولی حالات زندگی اور پیدائش و وفات کی تاریخیں بھی توجہ اور صحت سے بیان نہیں کیں۔ تذکرہ نویسی کا زیادہ تر مقصد یہ ہوتا تھا کہ مختلف شاعروں کے پسندیدہ کلام اور عمدہ اشعار کا ایک گلدستہ مرتب کر دیا جائے۔ بعض قدیم اور اکثر متاخر تذکرہ نویسوں نے بالکل تذکرہ نویسی کے اصل مقصد سے ہٹ کر مختلف شاعروں کے اشعار اپنی بیاض میں نقل کر لیے اور اشعار سے پہلے بطور تعارف چند فقرے شاعر کی نسبت اضافہ کر دیے۔ پس اسی کا نام تذکرۃ الشعرا رکھ دیا۔

تذکرے کی ترتیب اکثر حروف ہجا کے سلسلے پر ہوتی ہے۔ بعض نے اس کا بھی لحاظ نہیں رکھا اور بغیر کسی خاص ترتیب کے مختلف مقامات اور مختلف دوروں کے شعرا کا یکے بعد دیگرے حال لکھ دیا ہے۔ مذکورۂ بالا تمام تذکروں میں صرف ایک "مخزن نکات" ایسا تذکرہ ہے جس کے مولف نے سلیقے سے اردو شاعری کے تین دور قرار دئے ہیں اور متقدمین، متوسطین اور متاخرین کے تین طبقے قایم کر کے ہر طبقے کے شعرا کو پیش کرنے سے پہلے اس پر ایک سرسری سا نوٹ بھی تحریر کیا ہے۔ شمس العلما پروفیسر محمد حسین آزاد مرحوم نے اپنے تذکرے "آب حیات" میں بالکل اسی کی نقل کی ہے اور تقریباً قایم چاندپوری ہی

نوٹوں کو پھیلا کر اپنے تذکرے کے پہلے تین دوروں کی تمہید مرتب کی ہے۔ تذکروں کے ان نقایص کے باوجود موجودہ حالات میں اس کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ متعلمین ادبیات اردو انہی کے منتشر بیانوں سے تاریخی اسناد کا کام لیں۔ ان تذکروں کو من وعن شایع کردیا جائے تو ان کے مطالعہ اور باہمی تقابل تطابق سے اردو شاعری کی تاریخ مرتب کرنے میں بڑی مدد مل سکتی ہے۔

تذکرہ نویسوں نے اکثر صورتوں میں شاعروں کے حالات کی بجائے اُن کی مبالغہ آمیز تعریف کی ہے اور کہیں کہیں بے لاگ تنقید اور مفید رائے بھی لکھدی ہے مبالغہ آمیز تعریفوں سے قطع نظر کرکے ایسی رایوں اور تنقیدوں سے بھی بہت کچھ استفادہ کیا جاسکتا ہے نیز اردو مطابع کی خرابی اور غلط سلط سستے دیوانوں کی اشاعت نے قدیم شعرائے اردو کے کلام کو جس قدر نقصان پہنچایا ہے اور مشہور اساتذہ کے کلام میں اس وقت جو تعریفیں اور الحاقی اشعار نظر آتے ہیں ان کی صحت و درستی میں بھی ان تذکروں سے بڑی مدد مل سکتی ہے کیونکہ ہمارے تذکرہ نویسوں کا مطمح نظر زیادہ تر اچھے کلام کو جمع کرنا تھا۔

ان صفحات میں جس تذکرے سے روشناس کرایا جارہا ہے وہ اسی سلسلہ کی نہایت اہم کڑی ہے اور موجودہ تذکروں میں جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے سب سے قدیم تذکرے نکات الشعرا اور تذکرۂ فتح علی گردیزی کے ساتھ سنہ ۱۱۶۵ھ میں تالیف ہوا ہے[1] اس کا نام گلشن گفتار مصنف کے اعلیٰ ذوق اور پاکیزہ وجدان کی

---

[1] یہ تذکرہ ہمیں مولوی علی رضا صاحب ماہر شیرازی لکچرار فارسی سٹی کالج کی عنایت سے ملا تھا جس کی نقل لیکر اس کو شایع کیا جارہا ہے ۱۲

زبان حال سے تعریف کر رہا ہے داخلی شہادتوں کے علاوہ اس کے سن تالیف کی توثیق ذیل کے قطعہ تاریخ سے جو مولف کے دیباچے میں مندرج ہے غیر مشتبہ طور پر ہوتی ہے۔

لکھا ہم نے جب تذکرے کو حمید ہوا خوش جسے فہم اشعار ہے
تلاش اس کی تاریخ کی کر کے دل کہا "گلشن بزم گفتار ہے"

وادین کی عبارت سے بحساب جمل (۱۱۶۵) بر آمد ہوتے ہیں۔

صاحب تذکرہ نے نہ تو اپنا حال لکھا ہے اور نہ اپنے کلام کا انتخاب پیش کیا ہمیں دوسرے ذرایع سے بھی اس کا حال نہ معلوم ہو سکا۔ گلشن گفتار کے دیباچے اور متن کے بعض حصوں میں ضمناً اس نے اپنا جو ذکر کیا ہے اس سے صرف یہ معلوم ہوتا ہے کہ اس کا نام خواجہ خاں اور تخلص حمید ہے۔ باپ کا نام ترکتاز خاں قوی جنگ اور دادا کا یکہ تاز خاں تھا وہ عارف الدین خاں عاجز کا تربیت یافتہ اور شاگرد رہا ہے ان کے فارسی اور اردو دیوان اسی نے مرتب کیے تھے اور اس کا ذوق شاعری بالکل عاجز کا مرہون منت ہے خود اس کے الفاظ یہ ہیں:۔

"ازانجا کہ ایں احقر با ایشان (عارف الدین خاں عاجز) محبت تمام دارد و ہم سخن گوئی بہ برکت فیض ایشاں۔ اکثر قصاید بے نقط وغیرہ معہ غزلیات دیوان ترتیب دادہ و اشعار متفرقہ ہندی نیز بہ دستور معروف جمع نمودہ دیوان ہندی ایشاں مرتب ساختہ"

جہاں تک داخلی شہادتوں سے معلوم ہوتا ہے خواجہ خاں حمید اورنگ آباد کا باشندہ تھا اور وہاں کے کسی امیر خاندان سے تعلق رکھتا تھا

عاجز کے ذکر سے بھی یہی مترشح ہوتا ہے کہ جب وہ اورنگ آباد خجستہ بنیاد میں اقامت گزیں ہوے ان سے اس کی راہ و رسم پیدا ہوی علاوہ ازیں برہان پور کے ایک شاعر مرزا ابدال بیگ سے اپنے تعلقات بیان کرتے ہوے کہتا ہے کہ "از نجباے ولایت، باشندۂ برہان پور و از مدتے و رفاقت احقر ہستند" اسی طرح عبدالولی عزلت کے ذکر میں لکھتا ہے کہ "در ایام آصف جاہ نظام الملک بہ خجستہ بنیاد آمدہ" اس کا یہ طرز تحریر اس کے اورنگ آبادی ہونے کے ثبوت میں پیش کیا جا سکتا ہے اس سے زیادہ ہمارے ذرائع معلومات سے اس کے حالات پر کوئی روشنی نہیں پڑتی۔ دیباچے کے قطعہ تاریخ اور چند ادبیات حمد و نعت (جن میں بعض دوسرے مشہور شاعروں کے بھی ہیں) کے سوا سارے تذکرے میں صرف ایک جگہ "از ریختۂ احقر خواجہ خاں" کہہ کر یہ شعر لکھا ہے:۔

زلف خم ہو کے لٹک جان کے سب کان میں رات
موہو کھول کہے حال پریشاں میرا

---

دیباچے ہی میں "تعریف تالیف" کے ایک ذیلی عنوان سے شعر و سخن کی تعریف کرنے کے بعد یہ لکھا ہے کہ وہ بچپن سے شعر کا شیدائی تھا جب کبھی دنیا کے مکروہات سے تھوڑی سی فرصت مل جاتی شعرائے سلف کے کلام کے مطالعہ سے خوش دل ہوتا

اور اکثر و بیشتر اپنے دل و دماغ کو شاعرانہ ماحول میں رکھتا اسی ذوق سخن نے اسے تذکرہ نویسی پر ابھارا۔ فارسی کے سخن طراز و ارد و کے متعدد تذکرے موجود تھے اور اس موضوع پر قلم اٹھانا تحصیل حاصل تھا اس لیے اردو شاعروں کا تذکرہ لکھنے کا ارادہ کیا اس کے طرز بیان سے صاف طور پر معلوم ہوتا ہے کہ اس وقت تک کسی نے اردو شاعروں کا تذکرہ لکھنے پر توجہ نہیں کی وہ اپنے تذکرے کو اردو شعرا کا پہلا تذکرہ بتاتا ہے وہ میر تقی اور فتح علی گردیزی کے تذکروں سے قطعاً بے خبر ہے اور یہ کوئی تعجب کی بات نہیں۔ اس زمانہ میں ایک سن کی دو تصنیفوں کے مصنفوں کا بروقت ایک دوسرے سے واقف ہونا محال نہیں تو بعید مشکل ضرور تھا۔ وہ میر تقی کی تذکرہ نویسی سے قطع نظر ان کی شاعری سے بھی بالکل ناواقف ہے۔ غالباً اس زمانہ (۱۱۶۵ھ) میں میر تقی کی شاعری کے اصلی جوہر چمکے نہیں تھے انھیں دلی اور اس کے قرب جوار کے مقامات کے سوا دکن اور ہندوستان کے دوسرے صوبوں میں ابھی کوئی شہرت حاصل نہیں ہوئی تھی۔

گلشن گفتار اگرچہ بہت مختصر تذکرہ ہے اور اس کے ہمعصر تذکروں کے مقابلہ میں اس کی فہرست مندرجات میں تیس سے زیادہ شاعروں کے نام نہیں لیکن اپنے زمانہ تصنیف اور بعض خاص اطلاعات کی بنا پر نہایت اہم اور مفید ہے اس کے تیس شاعروں میں سے سترہ دکن کے شاعر بتائے گئے ہیں ایک کے متعلق ہمیں شبہ ہے اور سولہ بلاشک و شبہ خاص دکن کے شاعر ہیں ان میں بعض تو ایسے ہیں جن کے ذکر سے دوسرے تمام تذکرے خالی ہیں یا ملی

اور اس کے مضافات کے جو شاعر اس تذکرہ میں پیش کیے گئے ہیں وہ اردو کے ابتدائی شاعر ہیں اور آب حیات کے دور دوم و سوم سے تعلق رکھتے ہیں

قدیم شعرائے دکن کی نسبت اول تو موجودہ تذکروں میں بہت ہی کم مواد ملتا ہے کیونکہ ان کے مصنف اکثر شمالی ہند کے باشندے ہیں اور وہ شعرائے دکن کے حالات و کمالات شاعری سے تقریباً بے خبر ہیں۔ صرف ایک چمنستان شعرا کے سوا جس کا مصنف اورنگ آباد کا باشندہ تھا، میر تقی فتح علی گردیزی اور قایم چاندپوری کی اس خصوص میں تمام تر معلومات سید عبدالولی عزلت کی بیاض اور چند زبانی روایتوں پر منحصر ہیں۔

جس وقت میر تقی اور فتح علی گردیزی اپنے تذکرے تالیف کر رہے تھے سید عبدالولی عزلت بہ سلسلہ سیاحت دہلی میں وارد تھے اور اپنے شاعرانہ ذوق کی وجہ سے باوجود اجنبی ہونے کے دہلی کے مشاعروں وغیرہ میں برابر شریک ہوتے تھے اور وہاں کے شعر گویوں میں بڑی ہر دلعزیزی حاصل کر لی تھی۔ میر تقی نے تو بالکل انکی بیاض کے متفرق اشعار اپنے تذکرے میں نقل کر لیے ہیں اور ان متفرق اشعار کا اپنے عہد کے شاعروں کے کلام سے مقابلہ کر کے تحقیق و تجسس کی زحمت اٹھائے بغیر یہ رائے دیدی کہ

"اگرچہ ریختہ در دکن است چوں از انجا یک شاعر مربوط برنخواستہ لہذا شروع بنام انہا نہ کردہ"

شعرائے دکن کی نسبت تذکروں کی ناقص معلومات کے مدنظر گلشن گفتار کی اطلاعات اس لحاظ سے کہ اس کا مولف خود دکن کا باشندہ تھا اور اکثر

دکنی شاعروں سے شخصی طور پر واقف تھا زیادہ مستند و معتبر ہیں۔ جن دکنی
شاعروں کا ذکر دوسرے تذکروں میں قطعاً مفقود ہے ان کے متعلق اس
تذکرے کے بیانات سے اہل تحقیق کو بڑی مدد مل سکتی ہے۔ چنانچہ عادل شاہی
دربار کے ملک الشعرا ملا نصرتی کا چمنستان شعرا کے سوا کسی اور تذکرے میں
ذکر نہیں۔ گلشن گفتار سے یہ اطلاع حاصل ہوتی ہے کہ وہ مدمالت ہندی
(گلشن عشق) کا مصنف تھا اور دربار شاہی سے اس کو ملک الشعرا کا خطاب
ملا تھا۔ ولی اورنگ آبادی کے ذکر سے قدیم اور جدید کوئی تذکرہ خالی نہیں
مگر تقریباً ہر ایک دوسرے سے کسی نہ کسی بات میں اختلاف رکھتا ہے۔ باوجود
اس کثرت معلومات کے اب تک ولی کی نسبت بہت سی باتیں حل طلب ہیں
کلیات ولی کے فاضل مرتب مولوی احسن مارہروی نے بڑی تلاش و جستجو
کے ساتھ دیوان ولی کے متعدد نسخوں کے مطالعہ اور مقابلہ اور کم و بیش تمام
مطبوعہ اور بعض غیر مطبوعہ تذکروں کے بیانات پر محققانہ نظر ڈال کر جو کلام
اس کے نام سے منسوب کیا ہے اور جو حالات اس کے بیان کیے ہیں۔ دونوں
میں بہت سے شبہات پیدا ہوئے ہیں اور بعد میں مختلف اصحاب نے جو
تحقیقاتیں کی ہیں ان سے بہت سی نئی معلومات حاصل ہو رہی ہیں۔ اب تک
بھی کئی چیزوں کو بالکل منفصلہ اور مسلمہ نہیں سمجھا جا سکتا۔ ولی کے نام کے متعلق
تذکروں میں شدت سے اختلاف ہے بعض صاحبان تذکرہ نے اس کا نام
ولی اللہ بتایا ہے۔ بعض نے شمس الدین ولی اللہ۔ چمنستان شعرا میں محمد ولی
لکھا ہے اور گلشن گفتار میں ولی محمد۔ یہی دو نام موجودہ تحقیقات میں زیادہ

قرین قیاس تسلیم کیے گئے ہیں۔ گلشن گفتار میں بعض اور تذکروں کی طرح ولی کو احمد آبادی لکھا ہے مگر یہ تحقیق کے ساتھ معلوم ہے کہ وہ اورنگ آبادی تھا ولی نے اپنی زندگی کا بڑا حصہ گجرات ہی میں بسر کیا۔ وہ احمد آباد میں توطن اختیار کر چکا تھا اور اس کا انتقال بھی وہیں ہوا۔ اپنے اشعار میں اکثر جگہ گجرات کا اس شیفتگی کے ساتھ ذکر کرتا ہے کہ گویا وہ اس کا اصلی وطن تھا کسی سفر میں ایک مثنوی تمام و کمال سورت گجرات کے فراق میں لکھی ہے جسکے ایک ایک شعر سے اس شہر کے ساتھ اس کی محبت ظاہر ہوتی ہے غالباً اس بنا پر گلشن گفتار اور دوسرے تذکروں کے مولفوں نے اس کو احمد آبادی اور گجراتی سمجھ لیا ہے۔ ولی کے متعلق ایک خاص اطلاع جس کا کسی اور تذکرے میں بالکل ذکر نہیں یہ ہے کہ اس نے ایک عرصہ تک برہان پور میں بھی قیام کیا تھا ولی کی طالب علمانہ زندگی پیرزادہ سید معالی کے ساتھ اس کی دوستی محبت اور عمر طبعی کو پہنچکر گجرات میں انتقال کرنے کے واقعات بھی موجود ہیں یا ولی کے ہمعصر اور بالخصوص اس کے ہم مجلس شعرا کا ذکر کسی تذکرہ میں بھی نہیں "گلشن گفتار" میں اس کے دو شاگردوں کا حال درج ہے اور یہ ایک بالکل نئی اطلاع ہے ولی نے اپنے اشعار میں بعض دوسرے شاعروں کے تخلص کے اظہار کے ساتھ کبھی کبھی ان کے شعروں کی تضمین بھی کی ہے اور اس بنا پر بعض شاعروں کو صاحبان تذکرہ نے اس کے معاصرین بتایا ہے۔

چنانچہ ولی نے ایک جگہ اشرف کے ایک مصرع پر تضمین کی ہے ؎

اشرف کا یہ مصرع ولی مجھ کو عجب ہے     الفت ہے دل و جان کو مرے ہم نگہ سوں

چمنستان شعرا کے مولف نے اس کو نقل کر کے محض قیاساً لکھدیا ہے کہ "اشرف از معاصران ولی است چنانچہ ولی جائے مصرع اور تضمین می نماید"
گلشن گفتار سے معلوم ہوتا ہے کہ یہ اشرف گجرات کا باشندہ اور ولی کا شاگرد تھا اس کا کلام نواح گجرات میں بہت مقبول تھا۔ بڑا رنگین طبع شاعر تھا۔ اس کا دیوان مدون ہو چکا ہے ولی کا دوسرا شاگرد محمد رضی رضیؔ ہے۔ یہ بھی گجراتی اور احمد آباد کا باشندہ ہے۔ اشرف اور ولی دونوں ایک ساتھ مشق سخن کیا کرتے تھے اور اکثر ایک ہی زمین میں طبع آزمائی کی ہے۔ بطور نمونہ دونوں کا جو کلام اس تذکرے میں نقل کیا گیا ہے وہ بھی ہم طرح غزلیں ہیں غالباً ولی کی کلیات میں بھی ایک غزل اسی زمین میں ہے اور معلوم ہوتا ہے کہ یہ غزلیں کسی مشاعرے میں پڑھی گئی تھیں یا اپنے استاد کی تقلید میں دونوں شاگردوں نے بھی اسی زمین میں طبع آزمائی کی ہے۔
ڈاکٹر سید محی الدین زور قادری ام اے پی ایچ ڈی (لندن) کو جامعہ اڈنبرا کے کتب خانہ میں دکھنی مرثیوں کا ایک بڑا مجموعہ ملا ہے اس پر آپ نے جو محققانہ مقالہ تحریر کیا ہے وہ رسالہ اردو ۳۵ء میں شایع ہو گیا ہے۔ آپکی تحقیقات میں اشرف اور رضی دونوں کے مرثیے بھی معلوم ہوئے ہیں۔ اشرف کے تیرہ مرثیے ہیں اور کل اشعار کی تعداد (۱۳۵) ہے (۱۹) شعر کا ایک فارسی مرثیہ بھی ہے۔ ڈاکٹر زور قادری نے ان مرثیوں کا مطالعہ کر کے یہ رائے لکھی ہے کہ اڈنبرا کے مجموعہ مراثی میں جن شاعروں کے مرثیے ہاتھ آئے ہیں اشرف اول درجہ کے مرثیہ گویوں میں شمار ہونے کا مستحق ہے۔ معلوم

ہوتا ہے کہ اس کی مرثیہ گوئی کا سارے دکن میں شہرہ تھا۔ ایک جگہ کہتا ہے:۔

کہیا ہوں بے بدل یو مرثیہ جب سوا ماموں کا
ہوا مشتاق ہر اک شاعر ملک دکن میرا

رضی کے بھی اس مجموعے میں (۱۹) مرثیے ہیں جن کے اشعار کی مقدار (۸۷) ہے۔ رضی نے اپنے مرثیوں میں خواجہ حافظ شیرازی کی بعض غزلوں کو تضمین بھی کیا ہے اس کے بعض مرثیے غزل کی وضع کے ہیں۔ مرثیوں میں غزلیت کا انداز بتاتا ہے کہ وہ ضرور ایک غزل گو شاعر تھا۔

ہمارے پاس ابھی اس بات کے تسلیم کرنے کا کوئی قطعی ثبوت نہیں کہ یہ اشرف اور رضی بلاشبہ وہی ہیں جو ولی اورنگ آبادی کے شاگرد تھے کیونکہ محولہ بالا مجموعہ میں کوئی تاریخی شہادت ایسی نہیں کہ ان کے زمانہ حیات کا تعین کیا جا سکے یا ان کے حالات اور مقام سکونت وغیرہ کا پتہ چل سکے گجرات میں بھی زمانہ قدیم سے گولکنڈہ اور بیجاپور کی طرح غزل، قصیدہ مثنوی کے ساتھ مرثیہ گوئی کا رواج تھا خود ولی سے بھی چند مرثیے منسوب ہیں ان حالات میں اس کا قوی امکان ہے کہ یہ مرثیہ گو اشرف اور رضی وہی ہیں جو ولی کے شاگرد تھے۔

ایسے دکنی شاعروں میں جو کسی اور تذکرے میں مذکور نہیں چار شاعر (۱) سید اعظم اعظم (۲) میر محمد قایم قایم (۳) میر محمد کامل کامل اور (۴) مرزا ابدال بیگ ابدال برہان پور کے ہیں۔ برہانپور اورنگ آباد سے قریب کسی زمانہ میں اردو شاعری کا ایک مرکز رہ چکا ہے۔ اس وقت تک

یہاں کی بزم شعرا کا کوئی علم نہیں۔ صرف اس تذکرے میں ان چار قدیم شاعروں کے ذکر سے گمان ہوتا ہے کہ اس مقام کا بھی اردو شاعری کی نشو و نما میں کوئی حصہ ہے۔ برہان پور کے ان شاعروں میں کامل بڑا مرثیہ گو و قصیدہ گو تھا جامعہ اڈنبرا کے کتب خانہ میں قایم نے بھی تین مرثیے ہیں جنمیں کل (۷۹) ابیات ہیں۔ ڈاکٹر زور قادری کا بیان ہے کہ تینوں مرثیے اچھے ہیں اور شہادت کے تفصیلی واقعات بیان کرنے میں میر انیس کی طرح اس نے بھی مکالمے کی طرز اختیار کی ہے۔ ممکن ہے کہ یہ قایم برہان پوری ہو۔

ایلچ پور یا ایرج پور (برار) کے دو شاعروں رسا اور وفا کا بھی اس تذکرے میں ذکر ہے اول الذکر کسی اور تذکرے میں مذکور نہیں وہ بالاپور متصل ایلچ پور میں رہتا تھا وہیں اس نے انتقال کیا اور اس کا مزار بھی اسی مقام پر ہے اس کا دیوان مرتب ہو گیا تھا۔ آخر الذکر کا ذکر چمنستان شعرا میں برائے نام اور تحفۃ الشعرا مولفہ افضل بیگ قاقشال میں ذرا تفصیل سے ملتا ہے۔ گلشن گفتار اور تحفۃ الشعرا کے بیانات سے معلوم ہوتا ہے کہ اس کا نام آقا امین یا آقا محمد امین ہے۔ اس کے والد کا نام حکیم محمد نقی خاں تھا۔ اور وہ امیر الامرا سید حسین علیخاں کی صوبہ داری کے زمانہ میں امارت کو پہنچ کر انتقال کر گئے۔ امین نے باپ کے مرنے کے بعد بجائے منصب و جاگیر کے لئے تگ و دو کرنے کے جو کچھ یومیہ مقرر ہو گیا اسی پر قناعت کر کے ایلچ پور میں مستقلاً اقامت اختیار کی۔ وہ عربی زبان کے علاوہ حدیث و فقہ میں بھی مہارت رکھتا تھا۔ نظم و نثر دونوں کی تحریر پر حاوی تھا۔

اس تذکرے میں ایک خاص بات یہ بھی ہے کہ اکثر شاعروں کی ایک یا دو غزلیں تمام وکمال پیش کی گئی ہیں۔ دوسرے تذکروں کی طرح صرف متفرق اشعار نہیں لیے گئے۔ بعض شاعروں کے ذکر میں انکی مثنویاں مخمس وغیرہ مسلسل کلام بھی ملتا ہے۔ دوسرے تذکروں میں مسلسل کلام کو شاذ ہی انتخاب کیا گیا ہے۔ حاتم کے ذکر میں غزلوں کے علاوہ حقّہ پر ایک مثنوی پوری نقل کی ہے جو کسی اور تذکرے میں نہیں ملتی۔

متعلمین ادب کی سہولت اور شعرا کے سوانح حیات کا تمام ممکنہ مواد یکجا فراہم کرنے کے لیے ہم نے ہر شاعر کی ضمن میں نکات الشعرا، تذکرۂ فتح علی گردیزی، مخزن نکات، چمنستان شعرا، گلزار ابراہیم اور تحفۃ الشعرا میں جو معلومات درج ہیں انھیں نقل کر دیا ہے۔ تذکرۂ فتح علی گردیزی تحفۃ الشعرا اور گلزار ابراہیم تینوں غیر مطبوعہ ہیں اور اب تک ان کی اطلاعات عام نہیں ہوئیں۔ عزلت کے ذکر میں علامہ آزاد بلگرامی کے تذکرہ سرو آزاد کا بیان بھی نقل کر دیا گیا ہے۔ ان بیانات کے باہمی مقابلہ سے ناظرین اندازہ لگائینگے کہ ہر شاعر کے متعلق ایسی معلومات بہ آسانی حاصل ہوتی ہیں جن پر کوئی ایک تذکرہ پورے طور سے روشنی نہیں ڈال سکتا اس سے بہتیرے ابہام اور شبہات جو انفرادی طور پر تذکروں میں پائے جاتے ہیں ان کا بھی انقطاع ہوجاتا ہے فقط

سید محمد

۳۰ بہمن ۱۳۲۹ف
گھانسی بازار حیدرآباد دکن

بسم الله الرحمن الرحیم

# دیباچہ

محمدت ایزدے کہ زبان فصحاے عالی فطرت والا خبرت بتقریر شمۂ آں عاجز و قاصر و مکرمت الٰہی کہ بہ بہترین امثال شامل حال سوداامزاجان شیدا طینت ظاہر و باہر چہ نیروے خامہ بریدہ زباں کہ بتحریر نقطہ آں حرف جرات زند و چہ یاراے لسان ناقص البیان کہ باداے شکرش سخنی تواند گوید عزلت نشینان گوشۂ سخنوری و دانائی بذکر مراتب بیانش مقر قصور و نادانی و آزاد صفتان کوے معرفت و بینائی بدریافت صفات استغنایش حیرت افزاے آئینہ حیرانی بذہے جناب والایش کہ ہیچ فکر رسا و طبع بینا تصور تتواں نمود و حبذا صفات کبریایش کہ ہرگز بہ افکار موزوں و اذکار بلند مضمون بہ اداے حرف آں لب نمیتواں کشود ہر کہ دریں راہ خاک عجز و انکسار تبارک زد ابرو یافت و کسی کہ محاذی وجود واجبش خود را محو فنا دید جان جاناں گردید

## رباعی

ذاتش ز کمال اہل عرفاں بیروں    وصفش ز قیاس جن و انساں بیروں

زیں مرحلہ ہیچکس بمنزل نہ رسید　　بگذار قدم ازیں بیابان بیروں

نعت محمدے کہ مستوجب سعادات سرمدی وماورای طاقت بشریت چگونہ بذکر آں عنوان کلام را رونق افزائیم کہ مقدسان ملاء اعلی بادراک اونٰی مرتبہ صفاتش متحیر وحاری ومعاشر الانبیا والرسل علیہم السلام بنارسائی کماہی حقیقت نعوت والایش بہ کمال خجالت وشرمساری سلطانے کہ حاتم زلہ ربائے خوان احسان اوست خسروے کہ از ذروۂ عرش بریں تا حضیض زمین تمام مطیع فرمان سراج وہاج دین متینش قصرنہ رواق طارم را نور آگیں ساختہ وقاسم انوار شریعت غرایش محافل دلہاے اہل تقوی رامتور گردانیدہ داود بہ حلقہ زرہ بافان سرکار اوست وسلیمان بزمرۂ عصا برداران دربار او کسیکہ مدام جویائی نور شفاعت اوست نیکوست وہر کہ بے وسیلہ محبتش طالب سعادت برکات سرمدست بدست ولی ازلی بے اجازت او اگر حرفی بزبان آرد واجب التعذیر گردد وفراقی محبت حقیقی بے شرائع او اگر ہوی کشد مستوجب تشہیر شود دانائے کہ مہذب بہ کمال فراست وفرہنگ است بہ جناب مستطاب اصحاب والایش یکرو ویکرنگ است

## مثنوی

شہی در لشکری سردار عالم　　فروغ شمع دیں نور مجسم

بہ ظاہر مظہر نور الٰہی　　بہ باطن زوست از مہ تا بماہی

منور ساز کاخ لامکانی　　چراغ دودمان انس وجانی

سر برتارے چرخ لاجوردی　　بہ رفرف زد قدم از پایمردی

محمد شمع وتاقوس است آفاق　　وجہہ دیش نور وقندیل است در طاق

بدل داغ تولائش تمنا است — تنم را درد او عین مداواست
بران بخشندۂ ارباب حاجات — ز من ایزد رساند صد تحیات

## تعریف تالیف

بر خاطر قدسی مظاہر صائب فکرتان گلشن طبیعت اظہر وانور راست که اولیائے عظام و علمائے ذوی الافہام و شعرائے افصح الکلام بمجلس از ذکر شعر و سخن زبان نه بسته و شخصی به اہانت و مذمت این فن لب نکشوده ہمواره به این دریائے گہرافزائے آشنا بوده لالی ابدار اشعار از بطن صاف صدف دلہا بگوش ہوش ارباب ذکا رسانیده اگر بایزید بسطامیست باین کمال مشہور و نامیست و اگر ابراہیم ادہم است تیغش ازاین آب دو دم است اگر بہاء الدین عاملیست قطعه سنجش جلیست و اگر حافظ شیراز است ابواب معانی به خاطرش باز است ۔ بیت

درتن خاکی ما این سروسامان سخن است — دل سخن دیده سخن سینه سخن جان سخن است

لہذا من حیرعم پیش صہبائے سخن مغنے سنجان خواجه خان بن ترکتاز خان بہادر قوی جنگ بن یکه تاز خان غفر الله لہا مسمی به تخلص حمید نیز به احیائے سخن سلف ملام به جام سخنوری مست و سرشار بوده و به افکار زمانه نا ہنجار بیزار گردیده ذکر اشعار روشن فکرتان معانی ارایان نشیمت می دانم و فکر سخنان ہوش بخش مسرت افزا غنیمت می شمارم بلکه از فیض سخن شوکتہا یافته بنیان خاطر را نزہت بخشیدم دل را از افکار علائق عقبی ساختم و طبیعت را از کشاکش خلائق بے نیاز گردانیدم خواستم که شغلی پیش گیرم و تذکرة الشعرا

نویسیم لیکن چوں عبارت آرایان معنی طراز اکثر تذکرۃ الشعرای فارسیہ بحیطۂ تحریر در آوردہ اند تالیف آں تحصیل حاصل می انجامد بنابرایں تذکرۃ الشعرائے ہندیہ ترتیب دادم و بہ مضامین تازہ دلہارا گلشن گلشن ساختم و نامش گلشن گفتار نہادم۔

لکھا ہم نے جب تذکرے کو حمید — ہوا خوش جسے فہم اشعار ہے
تلاش اس کی تاریخ کی کر کے دل — کہا "گلشن بزم گفتار ہے"
۱۱ ھ ۶۵

## بیت

نوشتم بسکہ از نوک قلم اشعار رنگیں را — سیاہی رنگ گل گردید و کاغذ ارغوانی شد

ہر حرفی کہ درو مندرج گشتہ نوکش ناخن زن سینہائے خیال است و دامن اش گردافشاں چہرہ ہلال و ہر بیت کہ دراں منضبط گردیدہ روشن مضمونی تجلی افروز شعلہ طور است و بباں شجرۂ طیبہ پر نور ہر مصرعش عصائے موسیٰ است و ہر صفحہ قرطاسش چوں ید بیضا اگر فرد انتخابی آنرا مسیحا بہ خاطر آورد و از خورشید بر و نقطہ انتخاب گزارد یک بیت مثنویش اگر حاتم تصور نمودے برونمائی آں ہند ہزار بدرہ گوہر ایثار کشودے ریختہ ہائے بلند مضامینش از طارم بریں آب گوہرہائے پرویں بزمین ریختہ و مانند مشکیں رباعیں بقصر نور دریں آویختہ دام ہر سطر شایستہ اش دلہا را اسیر میسازد و در مزہر سخنش درد لہا تاثیر میکند مثنوی

ہر ورقش صفحۂ نورانی است — ہر سخنش لعل بدخشانی است
مثنویش بسکہ زپر گوہر است — مصرع ہر بیت چو سلک در است
چیمہ خ کہ گوہر بحود آویختہ — بر سر ہر ریختہ اش ریختہ

تازہ معانی کہ بہ الہام یافت | ہر سخن آرا ہمہ ایہام یافت
لطف دگر ہست بذوق متفنّنین | دوست تر است اہل سخن را ز عین
منکہ دریں تہ چمن سبز فام | گشتہ ام ایں شاخ ز نخل کلام
برگ بہارش ہمہ فردوسی است | در قدمش حور بپا بوسی است
دارم امید از کرم کبریا | کاں رطبی آرد و ماند بجا

حاتم - اسم با مسمّی کہ احوال و اشعارش در وسط کتاب کہ خیر الامور اوسطہا واقع است انشاء اللہ تعالیٰ مذکور خواہد شد بالفعل فقط بہ پاس حمد الٰہی و نعت جناب ختم المرسلین حضرت رسالت پناہی صلی اللہ علیہ وسلم و منقبت ائمہ معصومین المطہرین علیہم السلام ابیات چنداں سعادت مند قبول از اقوال شعرائے متقدمین مرقوم قلم می گردد

مثنوی -

الٰہی داغ سیں دل کو جلا دے | برہ[۱] کی آگ مجھ تن میں لگا دے
جلا جیوں پھلجھڑی مجھ ناتواں کو | شرر لبریز کر ہر استخواں کو
فنا کر عشق میں یہ جان بے تاب | کہ جیوں آتش میں گھٹ جاتا ہے سیماب
رہے منظور اک معشوق کی ذات | بطوف کعبہ و سیر خرابات
بہ آب مئے نہانا آرزو ہے | نماز بے خودی کا یہ وضو ہے
پڑے ہیں زخم مشتاقی کے ناسور | بآب تاک دھو مجھ دل کے انگور
کہ ہو مست آپ سیں یکبار جاؤں | پیمبر کی صفت کرنے کو دھاؤں
محمد صاحب ایجاد امکاں | کہ جس کی شان میں آیا ہے قرآں
سر و سردار جگ کے سروروں کا | جماعت دار سب پیغمبروں کا

---

۱؎ جدائی

رکھے ہیں جس کے دروازے پہ موسیٰ
سعادت جان دربانی کا عاصا [1]

مسیحا ناک گھس تجہ آستاں پر
دماغ اپنا چڑھایا آسماں پہ

گئے سب انبیا اس آرزو میں
ردا اس رنگ کی کملی کسو میں

او تر سدرہ سیتی ہر پیر جبرئیل
کیا علم حقیقت خوب تحصیل

سر پر سرور یا باسلیماں
چلا جن و پری پر اس کا فرماں

وہی تھا نور تیرا سات اس کے
انگوٹھی نام کو بھی ہات اس گے

سلایا خاک میں اعدائے دیں کو
جگایا دین ختم المرسلین کو

نہ اس کے ہات سیف دو زباں ہے
شجاعت اور تہور تو عیاں ہے

نبیؐ بوجہ اُس کا دوش اوپر سنبھالا
ہوا رتبہ امامت کا دوبالا

قلا [2] خیبر اٹھایگا ترا شور
ید اللہ نے دکھایا معجزا زور

قلا گھر توڑ کر ڈالی لڑائی
ہزیمت کافراں خندق پہ کھائی

قضا کے راج کی صنعت گری دیکھ
نبیؐ کے گھر کی یہ بارہ دری دیکھ

خدا کے نور کا مت کر سمندر
یہی چودہ رتن کاڑے ہیں باہر

اگر فہمیدہ حکمت آشنا ہے
اِسی نسخے میں چودہ بند یا ہے۔

نبی کی آل پر سیں وار جانا
اسی بارہ پلے سیں پا رہانا

## نصرتی

دکھنی، متوطن بیجاپور موسوم بہ تخلص نصرتی کہ نسخہ مدمالت بہ زبان ہندوی بہ نزاکت تمام و مضامین پرسرانجام ترتیب دادہ۔ چنانچہ از بادشاہی

---

[1] عصا [2] قلع

خطاب ملک الشعرائی یافتہ در تعریف زلف و دست خوب از ریختہ اوست ؎

جب سے چھپایا تونے تری زلف کی کڑی ۱؎ — تب سیں تو ہی کی یک نہی انی رہے پڑی ۲؎
دو تانیاں کا ہار نہ تھا ناف کے اوپر — زمرم کی جیوں کو ۳؎ لگی تھی رہٹ کھڑی

از ریختہ احقر خواجہ خاں ؎

زلف خم ہو کے لٹک جان کے سب کان میں آت — مو بمو کھول کہے حال پریشاں میرا

و از نصرتی در تعریف مدمالتی از قصہ مذکور است

اِتنے ۵؎ نرم و نازک نگلی کے پانوں — اٹھے حبیب پر نقش لینے میں نانوں ۶؎

---

۱؎ پیچ ۲؎ گرہ ۳؎ کنڈاں ۴؎ چرخی ۵؎ اتنے ۶؎ زبان ۷؎ نام

شاعرے بود فصیح البیان و از زمرۂ دکن زبانان شیریں زبان با حاکم کرناٹک قرابت قریبہ داشت و ہرچہ پیدا می کرد نصف آں برائے خرچ فقرا می گماشت۔ اشعار او اکثر مضامین تازہ دارد و معنی بیگانہ را بہ الفاظ آشنائی سازد۔ اگرچہ الفاظش بطور دکنیان بر زبانہا گراں می آید اما خالی از لطف و لذتے نیست نقلیست کہ روزے شاہ میرنام فقیرے نزد نصرتی آمدہ سوال کرد نصرتی چیزے با و داد۔ فقیر پرسید کہ شعرے از اشعار خود بخوان۔ نصرتی ایں بیت را کہ ہماں نزدیک بہ شکر آوردہ بود خواند ؎

نہ بولا ہے نہ بولے گا کدی کو — زمیں کی زلف میں بولا ندی کو

فقیر بدیہتہ بجواب او خواند ؎

نہیں ظاہر کئے چیتی ہوسے کو — زمیں کی (....) بولا ہوا کو سے کو

نصرتی بہم بر آمد و شاہ میر را تا سہ روز بہ چاہ آویخت۔

(چمنستان شعرا صفحہ ۴۲۲)

# (۲) ولی

ولی - ولی محمد - احمد آبادی - عجب فکر رسائے داشت و دیوان دلچسپ رنگینے طرح نمودہ - اکثر اوقات خود در طلب علم گزرانیدہ - در بلدہ دارالسرور برہان پور نیز مدتے سکونت داشت و بجانب میاں سید معالی کہ از مشائخ زادہ ہائے گجرات بود ندمیل تمام داشت دیوان مشہور و معروف دارد - آخر عمر در گجرات وفات نمود ریختہ -

---

۱- ولی شاعر ریختہ از خاک اورنگ آباد است - می گویند کہ در شاہ جہاں آباد دہلی نیز آمدہ بود - بخدمت میاں گلشن صاحب رفت - و از اشعار خود پارہ خواند - میاں صاحب فرمود این ہمہ مضامین فارسی کہ بیکار افتادہ اند در ریختہ خود بکار ببر از تو کہ محاسبہ خواہد گرفت از کمال شہرت احتیاج تعریف ندارد و احوالش کما ینبغی معلوم من نیست (نکات الشعرا صفحہ ۹۴)

۲ - ولی مظہر کمالات خفی و جلی محمد ولی اللہ در دکن چہرہ ہستی افروختہ و زبدہ شعور دولت معنی اندوختہ کمان پر زور سخن را بہ نیروئے فکرت کشیدہ و ناوک اندیشہ اش بہ ہدف معنی رسیدہ - ہر چند اشعار آبدارش زیب صفحہ لیل و نہار است و گوشوارہ سوامع سخن سرایان روزگار لیکن بنا بر المرلم (؟) بہ تحریر بیتے چند بہ ایجاز و اختصار پرداخت (تذکرہ فتح علی گردیزی قلمی)

۳- شاہ ولی اللہ ولی تخلص شاعرے است مشہور مولدش گجرات است گویند بہ نسبت فرزند شاہ وجیہہ الدین گجراتی کہ از اولیاے مشاہیر است افتخار ہا داشت در سن چہل و چہار از جلوس عالمگیر بادشاہ ہمراہ میر ابوالمعالی نام سید پسرے کہ دلش

خوبیٔ اعجازِ حسن یار اگر انشا کروں | بے تکلف صفحۂ کاغذ ید بیضا کروں
جیوں نسیم اب لگ بیک رو حی مجھے حاصل نہیں | کس طرح اس غنچۂ بند قبا کو وا کروں

در نفیتہ او بود بجہاں آباد آمد۔ گاہ گاہ بزبان فارسی دو سہ بیت در وصف خط و خالش می گفت چوں در آنجا بہ سعادت ملازمت حضرت شاہ گلشن قدس سرہٗ مستعد بہ گفتن شعر بہ زبان ریختہ امر فرمود و ایں مطلع نغز موزوں کردہ حوالہ او نمودند۔

خوبیٔ اعجاز حسن یار گر انشا کروں | بے تکلف صفحۂ کاغذ ید بیضا کروں

بالجملہ بہمیں نقول زبان ایشاں سخن ایں باباچناں حسن قبول یافت کہ ہر بیت دیوانش روشن تراز مطلع آفتاب گردیدہ در ریختہ (راقمے د ۶) بہ فصاحت و بلاغت می گفت کہ اکثر استادان آں وقت زراہ ہوش شعر ریختہ موزوں می نمودند۔

(مخزن نکات ص ۱۰)

(۳) محمد ولی ولی تخلص شاعر والا اقتدار و سخن سنج شیریں گفتار است۔ رتبہ سخن ریختہ در زمانش باوج کمال رسیدہ و بازار ایں زبان آمیختہ در دور او گرم گردیدہ۔ اگرچہ در ازمنہ ماضیہ موزونان ایں جا شعر را بہ زبان ریختہ گفتہ اند اما صاحب دیوانے بایں متانت و فصاحت از کتم عدم سر نکشید و شعرائے سلف چند طوطی شکر مقال بوستان سخندانی اند لیکن چنیں بلبل ہزار داستان بگوش نہ رسید۔ آرے والیٔ ولایت نازک خیالی و شہنشاہ قلمرو خوش مقالی است چنانچہ می گوید۔

اس شعر کی یو طرح نکالا ہے جیب ولی | یو اختراع دیکھ رہے دل میں سب عجب

و نیز می گوید

دکھنی زباں میں شعر سب لوگاں کہیں ہیں اے ولی | لیکن نہیں بولا ہے کوئی اک شعر خوش تر ذیں نمط

ہندوے زلف پر ہے پریشانی فروشی | بیچ دیوے مجھ کو سودے میں اگر سودا کرو

---

مولد او خاک پاک اورنگ آباد است - چوں اکثر بہ گجرات در درگاہ حضرت شاہ وجیہہ الدین قدس سرہٗ کسب علم کردہ و در نیلی گنبد متصل گرہ مدفون گشتہ مردمان نسبت او بگجرات کردہ غلط محض - قصیدہ سیزدہ اشعار کہ در اشتیاق گجرات گفتہ بدیوان او در نظر رسید مطلعش این است -

گجرات کے فراق سے ہے خار خار دل | بیتاب ہے سینے میں آتش بہار دل

مردمان نقل می کنند کہ در سورت آمدہ بود و چندے امر حل اقامت افگندہ احرام بیت اللہ بربست و زیارت حرمین شریفین نمود - مثنوی او در تعریف بندر مبارک سورت قریب یک صد بیت بہ ملاحظہ افتاد در انجا می گوید -

بھری ہے سیرت و صورت سے سورت | ہر اک صورت ہے واں انمول مورت

ختم ہے امرداں پر روصفائی | ولے ہے بیشتر حسن انسانی

سبھا اندر کی ہے ہر اک قدم میں | چھپا اندر سبھا کو لے عدم میں

شخصے معتبر با فقیر نقل می کرد کہ روزے یکے از شعرائے دکن کہ صیت سخنش در اطراف عالم حالا بلند است بر کنار آب نشستہ بادہ پیمائی می نمود و دیگر ارکان مجلس ہم بقدر مرتبہ خود داشتند - در شب مہتاب مائل تماشا بودند - خصوصاً فقیر در گوشہ تنہا استادہ نظارہ می کرد کہ ناگاہ شاعر مذکور در حالت سکر بادہ پیمائی آغاز نہاد و کلمات پوچ از زبانش سرزدن گرفت تا بہ این رسید کہ وی چہ طفل بود و چہ بادہ گوئی نمود کہ مردمان بدو تحسین می کنند - من چنین معانی نازک را [illegible] التفات نہ [illegible] شعر خود [illegible] کردہ ام

کیا کہوں تجہ قد کی خوبی سرو عریاں کے حضور ❊ خود بخود رسوا ہی اس کو پھر کے کیا رسوا کروں

---

اما قدر دان کو اگر دریں زمان ولی می بود از طپانچہ رخسارش سیاہ می کردم تا دعوی رنگیں بیانی نہ کند۔ ہاں بیارید دیوانش را تا از آب فروشویم چنانچہ خادم او بہ موجب امر دیوان ولی را بیاورد و تمام ورق ورق را در آب آشنا نمود۔ قصہ کوتاہ چوں صبح شد و آں خمار نشہ از سر بیرون رفت دیوان را طلبید کہ دیوانے تصنیف خود کہ با خط خوب و جدول طلائی تحریر کنانیدہ بود بہ شب از غلطی بشوئیدن آمد و دیوان ولی ہم چناں محفوظ ماند لاچار از وقوع ایں امر عرق خجلت بر آمد و سخن را بہ لب آشنا نہ نمود و بہ تنہائی سیر الحاج بہ درگاہ کریم کارساز کہ شکنندہ غرور ہر متنفسے است فرود در آمد۔ اما آنانکہ اہل مجلس او بودند واقف ایں رمز اند راست و دروغ بر گردن راوی۔ محرر سطور بہ موجب اقرار راوی بہ بیاض رسانید واللہ اعلم۔ کلیاتش دو ہزار و سی صد ابیات بہ نظر رسید۔

(چمنستان شعرا ص ۱۰۴)

ھ۔ ولی دکھنی شاہ ولی اللہ۔ اصلش گجرات و در شعرائے دکھن مشہور و ممتاز است۔ گویند در زمان عالمگیر بادشاہ بہ ہندوستان آمد مستفید از شاہ گلشن گردید از مشاہیر ریختہ گویان او اول کسے است کہ دیوانش در دکھن مشتہر و مدون گشتہ۔

دگلزار ابراہیم قلمی)

پہنچتی ہی کعبۂ مقصود کو کشتی چشم — فیض سوں انجھوں[۱] کے دریا کو اگر پیدا کروں
آرزو دل میں یہی ہی وقت مرنے کے ولی — سرو قد کو دیکھ سیر عالم بالا کروں

## ولہ ریختہ

نشہ بخش عاشقاں دو ساقی گلفام ہے — جسکے آنکھوں کا تصور بیخودی کا جام ہے
کھولنا نہ زلفوں کا کچھ درکار نہیں اے خوب نین[۲] — اک نگاہ ناز تیرا دو جہاں کا دام ہے
آفتاب آتا ہے محرم ہو کے تجھ کوچہ طرف — صبح صادق اس کے بر میں جامۂ احرام ہے
دل کو جمعیت ہی جب جاتا ہوں دنبال صنم — آرسی کے ساتھ میں سیماب کو آرام ہے
جس صنم کی سرکشی کا جگ[۳] میں ہے صیت بلند — شکر حق وہ کافر بدکیش میرا رام ہے
مت قدم رکھ اس طرف اے زاہد خلوت نشیں — غمزۂ خونخوار ظالم دشمن اسلام ہے
اے ولی کیوں خشک مغزی کا نہیں کرتا علاج — یاد ان آنکھوں کا مجھ کو روغن بادام ہے

---

## (۳) اشرف

محمد اشرف۔ اشرف تخلص۔ گجراتی۔ بلا واسطہ شاگرد ولی محمد طبع رنگینی داشت۔ شعرش در نواح گجرات شہرت دارد و دیوان لطیف تصنیف نمودہ اشعار اوست

ہوا ہوں بستۂ زلف سجن[۴] شکن کی قسم — ہوا ہوں صید رم من ہرن[۵] ہرن کی قسم
پتنگ وار ہی دل جب سے شمع رو پہ فدا — اگن میں شوق کے جلتا ہی تن لگن کی قسم

---

۱ آنسو ۲ آنکھ ۳ دنیا ۔ زمانہ ۴ معشوق ۵ معشوق

پیا[1] دیکھا جو تیرے جام چشم کی گردش — ہوا ہوں شوق کی مے سے مگن نین کی قسم
پڑا ہے خاک من[2] جو برہ[3] کے کوچہ میں — ہے پائمال ترا اے سجن چرن[4] کی قسم
یہ شعر سن کے کہے ہیں صد آفرین اشرف — تمام شاعر ملک دکن سخن کی قسم

## (۴) رضی

محمد رضی۔ رضی تخلص نیز متوطن احمد آباد از شاگردان رشید ولی محمد ہم در آں جواب ریختہ محمد اشرف مذکور موزوں ساختہ۔ جوان خوش طاہر بودہ ارد ریختہ

خراب نرگس مستانہ ہوں نین کی قسم — برنگ بلبل دیوانہ ہوں چمن کی قسم
جمال انجمن آرائے شمع رخ پہ ترے — شب وصال میں پروانہ ہوں لگن کی قسم
عذاب روز قیامت ہیں کچھ نہیں پروا — شہید خنجر جانانہ ہوں کفن کی قسم
پیا کی چشم کی وحشت کو دیکھ جیوں مجنوں — شکار دامن ویرانہ ہوں ہرن کی قسم
دیکھا ہے جب سے رضی پیچ و تاب طرۂ یار — فراز خاک سے جیوں شانہ ہوں شکن کی قسم

## (۵) مزمل

میر محمد مزمل۔ مزمل تخلص۔ منصبدار باشندۂ شاہ جہاں آباد۔ مرد صاحب کمال و فکر عالی داشت در زمان محمد شاہ بادشاہ در قید حیات بود۔ ہمانجا وفات یافتہ اشعار مشہور و معروف دارد اکثر بہ طرف ذو معنین طبعش راغب چند شعر از او مرقوم گردیدہ ریختہ

جان آنکھوں سے نکل کر رو گئی — جان گئی تھی سات جن کے سو گئی

---

[1] معشوق [2] مانند [3] فراق [4] قدم پاؤں۔

اب کہاں رہے گا شگوفہ کا بہار — سیر گلشن میں خنداں رو گئی
چشم بلبل آب جو جاری کرد — ہر چمن میں بہر کی گل بو گئی
قرض حسنہ لیکے شبنم سے انجھو — پھول کلیاں جھاڑ پر رو دھو گئی
من ہرن میرا مزمل رم کیا — دشمنوں کے دل کی چیتی ہو گئی

ولہ

اس سناری سیمبر کے کیوں کے جاوں ہات میں — زرگری کر کر بچھار کھتی ہے کاٹے باٹ میں

این نیز از شعر او ریختہ۔

آنکھ لاگی سو گیا سونا نہ تھا — ہو گیا وہ کام جو ہونا نہ تھا
راز دل آنکھوں نے سب ظاہر کیا — ہائے کیا رو دیا رونا نہ تھا
بول میٹھا اس شکر لب کا تمام — زہر تھا یو صرف مٹھلونا نہ تھا
کیوں کماں ابرو سے مل رسوا ہوا — چلہ کش کو کیا مگر کونا نہ تھا
میں نہ کہتا تھا مزمل دل نہ دے — نقد ایسا رائیگاں کھونا نہ تھا

---

مزمل۔ محمد مزمل خاں، معاصر میاں آبرو بود، در سخن تلاشش معنی تازہ می نمود گویند در اواخر عمر جنونے بہ مزاجش طاری شد و اختلالے در حواسش پیدا ری۔ آخر باستدعائے نوکری و ترک ملازمت ارباب دول پرداختہ در شاہجہاں آباد بہ زاویہ خمول ساختہ بعد چندے نوائے ارجعی شنید و رخت بہ سرائے خاموشاں کشید۔

(تذکرہ فتح علی گردیزی ص۱۱)

* چمنستان شعرا میں بھی اس کا ذکر مذکور ہے مگر من وعن وہی جو فتح علی کے ہاں ہے

# حشمت (۶)

میر محتشم علی خاں حشمت تخلص۔ منصبدار از عمدہ نجبای اہل ہند کہ در عصر محمد شاہ شعر بہ غایت رندانہ و ظریفانہ گفت۔ در دہلی وفات یافتہ۔ دو مخمس ازاو مرقوم گردیدہ

## مخمس

سب جان اور جہان کا خداوند ہے اللہ — اس کے سبھی ہیں سرخرو اور رسا رو سیاہ
اے اہل زہد مستوں کو اس سے ہی اور راہ — دیکھیں تو تم ثواب کرو ہم کریں گناہ
کل معرکہ میں ہم بھی ہیں اور تم بھی واہ واہ

مستوں کا تم سب سیں جدا گھاٹ اور ہے — ہم عقاد اور دور راہ سیں یہ باٹ اور ہے
سودا جہاں ہمارا ہے وہ ہاٹ اور ہے — دوزخ ارم بسے ہے پرے ٹھاٹ اور ہے
کل معرکہ میں ہم بھی ہیں اور تم بھی واہ واہ

اے زاہد عبث نہ رکھو میکشوں کو نام — دیکھیں تو کس کو ساقی کوثر پلا دیں جام
ڈنکا بجا کے کون ارم میں کرے مقام — دیکھیں تو کون مقتدی ہو کون ہووے امام
کل معرکہ میں ہم بھی ہیں اور تم بھی واہ واہ

اے زاہدو بہت نہ کرو شور بس کرو — اپنی کتاب کے تئیں تم طاق پر دھرو
سب بندے ہیں خدا کے آپس میں مل بھرو — بے ہیچ آج مستوں سے مت اس گھڑی لڑو
کل معرکہ میں ہم بھی ہیں اور تم بھی واہ واہ

اے زاہدان خشک تمھیں فخر ہے ریا — تسبیح لیکے مت کرو مستوں کو بددعا
ہم منگیے سینہ صاف تمھیں سب ہیں باصفا — یارو ہمارے بیچ نہیں کوئی جز خدا

کل معرکہ میں ہم بھی ہیں اور تم بھی واہ واہ

دونوں جہاں شاہ نجف کے ہیں ہم گدا — گو مست ہیں دوانے ہیں بے خود ہی بینوا
کہتے ہیں سب میں آنکھ ملا صاف برملا — ہفتاد و دو طوق سنو ہم میں یہ صدا

کل معرکہ میں ہم بھی ہیں اور تم بھی واہ واہ

ہم مست ہیں ازل کے نہیں اور کچھ خیال — ہو وینگے کل کو ساقی کوثر سے ہم نہال
کہتے ہیں سب میں صاف یہی بازبان حال — اے اہل خانقاہ کرو ختم قیل و قال

کل معرکہ میں ہم بھی ہیں اور تم بھی واہ واہ

تسبیح اور نماز ہے زاہد کا روز کام — افیون اور شراب میں ہم مست ہیں مدام
آخر کے تئیں خدا سیتی ہم ہونگے ہم کلام — دیکھیں تو تم حلال کرو ہم کریں حرام

کل معرکہ میں ہم بھی ہیں اور تم بھی واہ واہ

گر شیخ اور برہمن جیتے ہیں اس کا نام — ہر آن زیچ کرتے ہیں مستوں پہ اہتمام
بیکنٹھ اور بہشت کا نت ہم کو ہے ہیام — ہے شیخ کو سلام برہمن کو رام رام

کل معرکہ میں ہم بھی ہیں اور تم بھی واہ واہ

میخانہ کی جو راہ کا حشمت شہید ہے — رندوں کا پیر پیر مغاں کا مرید ہے
اے اہل زہد ہم کو تماشائے دید ہے — تم جس کو حشر کہتے ہو وہ ہم کو عید ہے

کل معرکہ میں ہم بھی ہیں اور تم بھی واہ واہ

ولہ مخمس

انسان کا تھا کام جو آدم کہا گیا — انسان کو ازل میں ابد لگ گنا گیا
انسان کارخانہ کا عالم بنا گیا — سب کچھ بنا کے اب ہی آپ لو بھا گیا

انساں کے گھروندے میں ارض و سما سمک    انسان کا خیال ہی جن و پری ملک
انساں کی بات بہت بڑی ہی سوں لک    معراج کے جو پردے میں اندر کی وہ جھمک

احمد بھی دیکھ احد کا دمامہ بجا گیا

انساں کی ہر کہانی جو تم پڑھتے گنتے ہو    یہ روئی اسی ہنولے کی ہے جس کو دھنتے ہو
اس تار کو نہ توڑو جسے تانا تنتے ہو    حق کا سخن بلند ہے یارو جو سنتے ہو

منصور اسی پنواڑی کو سولی پہ گا گیا

آپ ہی تھا آپ ہی ہی ہے وہی    ایک ہی ہے بھر رہا ہے وہی تو نہ کہیو
دل کوں مصفا کرکے جو کچھ کہہ سکے تو کہہ    بہتر تو یوں ہے کچھ نہ کہہ انساں کو دیکھ رہ

جب آئینہ سا صاف ہو سب تجھ میں آ گیا

---

۱۔ میر محتشم علی خاں حشمت تخلص سید صحیح النسب بود۔ سپاہی عمدہ روزگار شاعر خوب فارسی و ریختہ فہمیدہ، سنجیدہ، با ہمہ بہ عجز و انکسار پیش می آید جنسے بود کہ در دل ہمہ کس جاے او خالیست از خاک پاک دہلی بود در مغل پورہ سکونت داشت۔ برادر کلاں او کہ میر ولایت اللہ خاں باشد از مغتنمات روزگار است دیریست کہ ترک روزگار کردہ خانہ نشین است۔ گاہے فکر شعر ہم می کند۔ بر فقیر شفقت و عنایت بسیارے می کند خدا در حفظ خودش نگاہ دارد و آں مرد از نامردی روزگار ناہنجار فوراً فوت شد۔ خداش بیامرزد۔ (نکات الشعرا)

۲۔ نکتہ سنج والا فطرت سید محتشم علی خاں حشمت۔ مردے سپاہی پیشہ درست اندیشہ گوہر اصلش از بدخشاں است و لعل رنگین خیالش بغایت رخشاں سخنش دل پسند است

انساں کا نور محض بتایا ہے آپ کو　　ایجاد آدمی سے لکھایا آپ کو
پینے تمھیں میں ہو کے چھپایا آپ کو　　پھر آپ ہی آپ پاس گنوایا آپ کو
دیکھو تو کیسی وضع سے آپ آ چھپا گیا

اس نور سرمدی کا محمد خطاب ہے　　اس نور کا ظہور علی آفتاب ہے
اس نور کا حسین و حسن انتخاب ہے　　اور کیا کہوں سبھوں کی بنا ہیں کتاب ہے
ٹک کھول کھول دیکھو تو کیا کیا لکھا گیا

اور کیا کہوں میں اس سے غائب نایاب میں　　ذرے کو کیا جو کہہ سکے کچھ آفتاب میں
دریا جھمکتا ہے کوئی دم حباب میں　　اس فرصت قلیل کو کیا دوں حساب میں
میں اس میں گم ہوا کہ وہ مجھ میں سما گیا

---

وفکرش بلند۔ بہ کمال خوش خلقی و فراخ حوصلگی زیست می کرد و بہ وسعت حال می گزرانید دیوانش فقیر سیر کردہ و بیشتر آب دادہ۔ خفا کہ دراں تلاش معنی تازہ کردہ والفاظ رنگین برروئے کار آوردہ است۔ احیاناً ریختہ ہم می گفت (تذکرہ گردیزی قلمی)

۳۔ میر حشمت علی خاں حشمت تخلص می کرد۔ اصلش از شاہجہاں آباد است پدر بزرگوارش میر باقی نام از مردمان مشہور بود۔ گاہ گاہ دو سہ شعر ریختہ و فارسی با کمال تازگی می گفت و در سلک ہر مصرعش گوہر معنی نایاب می سفت۔ قبل ازیں ہفت سال بہ مرگ دفعۃً ازجہاں رفت۔ او تعالیٰ رحمتش کناد (مخزن نکات صفحہ ۳۷)

۴۔ چمنستان شعرا میں نکات الشعرا کی عبارت تمام و کمال نقل کر دی گئی اور کوئی نئی اطلاع نہیں۔ (ص ۔ ۴)

جو وہ نہ ہوتا کچھ بھی نہ ہوتا قرآن میں
واللہ بھر رہا ہے وہی جسم و جان میں
یہ بات ہے نبی کی ولایت کی شان میں
جو تھا خدا کی راہ کا منصف جہان میں
صلوٰۃ بر محمد کہتا چلا گیا

# (۷) مضمون

مضمون عجب شاعر متوکل بودہ، متوطن احمد آباد۔ اوست ہو جملہ ایہام ریختہ اوست ؎

پھر کر کوئی کہے اس ماہ سیں
کیوں نکلتا نہیں کبھی اس راہ سیں
چھوڑ دے گا آخر اپنی مان سب
کیا نہیں ڈرتا ہے تیر آہ سیں
شرم سیں پانی ہو سب جاویں رقیب
گر مرا یوسف سے آ چاہ سیں
اس گدا کا دل لیا دلی نے چھین
جا کہو کوئی محمد شاہ سیں
اے صنم مضمون تو بندہ تھا ترا
کیوں بھلایا اس کو عشق اللہ سیں

---

ا۔ میاں شرف الدین مضمون تخلص مرشے بود۔ نو کر پیشہ، متوطن جاجیو کہ قصبہ است متصل اکبر آباد۔ حریف ظریف ہشاش بشاش بہ نگامہ گرم کن مجلسہا ہر چند کم گو بود لیکن بسیار خوش فکر و تلاش لفظ تازہ زیادہ۔ دیوانش بہ ہمہ جہت دو صد بیت خواہد بود از شروع جوانی بر شاہجہاں آباد آمدہ و در زینت المساجد سکونت داشت۔ آخر الامر ہمیں جا فوت کرد۔ از احفاد حضرت شیخ فرید شکر گنج بود نور اللہ مرقدہ چنانچہ می گوید ؎

کریں کیوں نہ شکر لبوں کو مرید
کہ دادا ہمارا ہے بابا فرید

شاگرد خان صاحب سراج الدین علی خان صاحب است چو ندان اوبہ سبب نزلہ

افسوں سے مار جھپٹ لیتی ہو کھٹ کو اٹھا کس ملحدوں سے سیکھا زلفوں نے تیری لٹکا
تجھ خسرو جہاں کا ہے شور مرد وزن میں فرہاد اس کو چیرا شیریں نے سر کو پٹکا

---

ہمہ افتادہ بودند (نکات الشعراء ص ۱۶)

۲- بر شاہدۂ معنی مفتون شیخ شرف الدین مضمون از شعرائے قرار داده ریختہ است مشق سخن از مرزا مظہر و خان آرزو کرده - از نبائر حضرت گنج شکر است چنانچہ گوید ؎

کریں کیوں نہ شکر لبوں کو مرید — کہ دادا ہمارا ہے بابا فرید

با وصف برودت پیری و فرط ضعف و ناتوانی ہا مردے بود بغایت گرم جوش و چسپاں اختلاط - ہر گاہ دندانش ریختند چناں آرزو از مداح شاعری وانہ می گفت بہر حال شعرش خالی از نزاکت نیست (تذکرہ گردیزی قلمی)

۳- شرف الدین مضمون تخلص از فرزندان حضرت شیخ فرید شکر گنج قدس اللہ سرہ بہ جمیع صفات موصوف و بہمہ خاصات معروف بود - مولدش جائے است در نواح گوالیار کہ اورا جاجیو می گویند چوں سن شریفش از چہل متجاوز گردید دست از قید علایق برداشت و قدم در راہ آزادگی گذاشت - لب دریا مسجدے است مسمی بہ زینت المساجد اورا مسکن خود قرار داده بہ توکل بسر گزارند بسکہ ملین و خوش صحبت بود اکثر مردم بجبال آخر روز بطریق سیر در حلقہ مجلس وارد می شدند چنانچہ سعدی گوید ؎

ہر کجا چشمہ بود شیریں — مردم و مور و مرغ گرد آیند

بہ وقت موعوده سر در پردۂ اختفا کشید و بہ عالم قدس ساس گردید خدایش بیامرزد شعر ریختہ را بہ تلاش الفاظ و معنی تازه می گفت (مخزن نکات ص ۲۱)

۴- شیخ شرف الدین مضمون شاعریست زود رس و سخن پر درسیت معنی رس

تجھ بیوفا کے کارن سب سیں جدا ہوا ہوں — میں چھاجتا ہے خالی جو تو پرے ہی بھٹکا
مت مل رقیب سیتی میں بارہا کہا ہوں — ڈرتا ہوں اس دکھوں سے جاتا ہی جان اٹکا
چھپ کر مخالفوں سے آ اس طرح پلنگ پر — جو کوئی سے نہ جانے تیرے قدم کا کھٹکا
دیکھ اس کی بیوفائی ہٹتا ہے کیوں تو اے دل — دلبر وہی بھلا ہے جو ہو وے اپنی ہٹ کا
پاکار میٹ اپنا مثل تنور مضمون — اک قرص ناں کی خاطر کیوں تو پھرے ہے بھٹکا

---

مرا دل تھا ترے گلشن کا مالی — محبت اس ستی تو کیوں نہ ڈالی
نظر آتا نہیں وہ ماہ رخسار — گزرتا ہے مجھے یہ چاند خالی
رقیباں مجھ ستی کرتے ہیں نوکاں — طرح لڑنے کی ان مرغوں نے پالی
کہو اے سیم بدن توں رات مجھ سیں — تری دیہی ہے کس سانچے میں ڈھالی
ہوا جگ میں مضمون مشہور ترا — طرح ایہام کی جب سیں نکالی

---

مضمون شیرینش شرف بر نبات می دارد و کلام شکرینش مذاق جان را لذت خاص می بخشد اصلاح سخن از مرزا مظہر و سراج الدین علی خاں آرزو می گرفت و گاہے بہ تفنن گوہر سخن بہ سلک نظم می سفت چنانچہ دلیل کم گوئی خود می گوید ؎

درد دل سے جس طرح بیمار اٹھتا ہے کراہ — اس طرح ایک شعر مضمون بھی کہے ہے گاہ گاہ

یہاں سے گردیزی کا بیان نقل کیا ہے اور اس کے بعد لکھا ہے کہ دیوانش بہ جمیع اصناف قریب بہ صد بیت بہ ملاحظہ در آمد از سخن معلوم می شود کہ از اولاد حضرت شیخ فرید گنج شکر قدس سرہ است چنانچہ خود می گوید ؎

لب شیریں سے دے مضموں کو میٹھا — کہ ہے فرزند وہ گنج شکر کا

(چمنستانِ شعرا ص ۲۵۲)

# (۸) عبدالرحیم

محمد شاه بادشاه علیه الرحمه بادشاه رحمدل رنگین مزاج بوده که احدے را در سلطنت اذیت به نوع نه رسیده و اهل سماع را نهایت دوست می داشت صاحب سخن بود و طبعش راغب مزاح نیز بود۔ چنانچه درآں ایام عبدالرحیم نامی از اهل کشمیر حاجی بود و نام خود را اوٹکریس قرار داده هر کسے که شعری خواند فی الحال در جوابش شعر موزوں بطور تمسخر و ملیح هدیه میخواند۔ روزے پادشاه طلبیده با یکے از اهل محفل اشارات خواندن شعر نموده۔ چنانچه امیر خاں مرحوم ایں شعر را بر زبان راند ؎

آه من العشق و حالاته     احرق قلبی بحراراته
ما نظر العین الی غیرکم     اقسم بالله و آیاته

شعر مذکور که با تمام رسید اوٹکریس بدیه در جوابش خواند ؎

آه من الاوه پکاراته     از کمرش گرد پچھاراته

بند …

سلطان تبسم شده انعامے بخشید او بتاریخ بست و هفتم شهر ربیع الثانی در سنه یک هزار و یکصد و شصت هجری از دهلی انتقال نمود۔ از ریخته اوست۔

گنج معنی کی ہیں کنجی ہے بسم اللہ بن     قفل دل کھلتا نہیں ہمگا ہمارا آہ بن
رو دنیل انکھوں سی جاری ہو ندی تالے نقاب     باولی ہوگئی ہے یوسف کی زلیخا چاہ بن

# (۹) یکرو

یکرو عجیب مرد لطیفہ گو و خوش خلق۔ از شاگردان رشید میر مبارک آبرو باشندہ دہلی است دریک فرد سرانجام بسیار آوردہ نام پیغمبران علیہم السلام بطور ایہام موزوں ساختہ ؎

حسن داوادی سلیمانی بیٔن رخ یوسفی — عیسوی گفتار زلفیں یونسی موسی کمر

میکشو روح ہماری تو کبھی شاد کرو — شیشہ مے کہیں بھولے تو ہمیں یاد کرو

# (۱۰) یکرنگ

یکرنگ مرد درویش صاحب کمال بود از جملہ خلایق ادنٰی و اعلٰی یکرنگ و یکرو بودہ۔ طبع رنگیں داشت۔ ریختہ ؎

یکرنگ پاس اونہیں کچھ رہی بساط — رکھتا ہے دو نین جو کہو تو نذر کرے

---

۱۔ یکرو تخلص مردے بود شاگرد میاں آبرو براحوالش اطلاع ندارم مگر دو سہ مرتبہ در مجالس ریختہ دیدہ ام با انکہ ہیچمدان فن ریختہ بود و لیکن خود را خود ہمہ داں می شمرد (نکات الشعراء ص۹۳)

۲۔ عبدالوہاب یکرو۔ شاگرد آبرو است فکرش برجستہ است و شعرش شستہ (تذکرہ گردیزی)

۳۔ عبدالوہاب یکرو شاعر خوش گو و شاگرد میاں نجم الدین آبرو است اشعار دلاویز و سخن ہمہ سوز انگیز بسیار می دارد (چمنستان شعراء ص ۲۲۶)۔

پرووے کیوں نہ ہر اک بال میں موتی وہ چھپیسی
صبح دانتوں کی روشن ہے شب مستی میں مِسّیسی

## (۱۱) فایق

کلام فایق فایق است از اکثر شعراے نواح دہلی ریختہ آزاد است

برنگ نکہت گل قوت جاں ہی یاد گلرو کی ۔۔۔ شب آرام دل ہی عاشقوں کو یاد اس مو کی
تری نرگس کٹوری اور پتلی اور ہنسالی ۔۔۔ ملک کے ہاتھ میں ہے موہنہ تیری تیغ ابرو کی

---

۱۔ مصطفیٰ خاں یکرنگ شاعر ریختہ، معاصر میاں آبرو۔ می گویند کہ بسیار چپاں اختلاط واشنائے درست بود از احوال او خوب اطلاع نہ دارم (نکات الشعرا ص ۱۸)

۲۔ معنی یاب بے درنگ مصطفیٰ خاں یکرنگ با آبرو ہم طرح بود و تلاش معنی تازہ نمود۔ رتبہ سخنش بلند است و مایہ شعرش ارجمند (تذکرہ گردیزی)

۳۔ مصطفیٰ خاں یکرنگ معاصر میاں آبرو است۔ بخدمت خاں آرزو مشق سخن می کرد ابیات دیوانش ہمگی و تمامی قریب پانصد شعر خواہد بود۔ سوائے ایں کہ نبیرہ خاں جہاں لودھی است و در سلک ملازمان بادشاہ منسلک بود، و دیگر احوالش معلوم بندہ نیست (مخزن نکات ص ۱۶)

۴۔ مصطفیٰ خاں یکرنگ از معاصرین آبرو است۔ شعرش خوش قماش یکراں می دارد و طبیعتش عالی تلاشش فرواں می نماید۔ گویند کہ ذہن رسا داشت و با ہر کسے طریق احسن سلوک می گزاشت۔ یکرنگی اخلاصش از تخلص او پیدا و خلق محمدی از تمامش ہویدا است (چمنستان شعرا ص ۲۲۳)

# (١٣) حاتم

حاتمؔ محمد حاتم، باشندۂ حضرت دہلی مرد صاحب ہمت وطبیعت عالی دارد و بخل در دادن شعر ہرگز نہ کردہ و در ایں امر کہ فی الحقیقت سخن درست بہ مشابۂ رتبت گوئی از حاتم بردہ صرفہ نہ دارد۔ چنانچہ مثنوی اور در صدر کتاب نوشتہ شد ریختہ ا[1]زوست ؎

مت پری رویاں ہمارے دل کو دیوانہ کرو ‌ ‌ ‌ در بندوں کے جگر کی آہ ٹک جانا کرو
زلف خوباں میں جو چاہو ہو نگاہ کی دسترس ‌ ‌ ‌ پنجۂ مژگاں کے تئیں اپنا بنا شانہ کرو
شمع رویوں کی لگن میں جل کے خاکستر ہوا ‌ ‌ ‌ عشق کے کشور کا میرے نام پروانہ کرو
پیر چاہو ہو تو آکر رشتۂ اخلاص میں ‌ ‌ ‌ چھوڑ دیو تسبیح و اپنے من کے تئیں دانا کرو
دوستوں کے حق میں دشمنوں کی بات کو ‌ ‌ ‌ تم سیتی کہتا ہے حاتمؔ سن کے مت مانا کرو

## ولہ

کافر لتیا کیوں کرے ہے ہم سے ہو کر رام رام ‌ ‌ ‌ حال میرا دیکھ لے گر تُو ملا اے خود کام کم
دور میں تیرے نین کی بستے ہیں عالم مدام ‌ ‌ ‌ کیوں نہ ہوا عشق میں سرگرداں لیکر جام جم
کیا ہوا گر پیچ کھا کھا دل میں گرتا ہے گرہ ‌ ‌ ‌ تا کہ کیا اس میں جو مارے زلف میں آدم دم

---

۱۔ شیخ محمد حاتم حاتمؔ تخلص شاہجہاں آباد است، می گوید کہ من با میان آبرو ہم طرح ابودم مرتبت جاہل و مسکین و مقطع وضع، دیر آشنا غاندارد۔ دریافتہ نمی شود کہ ایں رنگ کہن بسبب شاعری است کہ بہ سخن دیگرے نیست یا وضع او ہمیں است۔ خوب است یارا

جو صدا آتی ہے باتوں کی تیری مجھ کان میں — ہیں اس سخن تیرے کے تئیں الہام ہم
جیوں کہا تھا مصطفےٰ نے چل حاتم بلایا ہے مجھے — دل سیتی جاتا رہا سنتے ہی یہ پیغام غم

(ولہ)

خلق کی گریہ سیں آنکھوں میں پڑے ہیں پھوڑے — تو بھی دیکھی ہے جسے اس کو گئی ہے رو لے
دل تنگ غنچہ مزاج گل کی نمن شادی میں — نا رہیں غنچہ دہن ہنس کر اگر ٹک بولے
دل عالم کو گرفتار کرے پیچوں میں — گرہ زلف اگر مکھ سیں پرے یہ وکھولے
نہ گھٹے ایک رتی وزن میں الا ماشا — گر مرے من کو جو سو من کے برابر تولے
دو دھرے عشق کے میدان میں قدم کو حاتم — ہات اپنے کو جو کوی خون جگر سے دھولے

(ولہ)

تجھ بن جاناں یہ تھی جان مری جان کے بیچ — آن کے پھر کے جلایا تو مجھے آن کے بیچ
ایک دن ہات لگایا تھا ترے دامن کو — اب تلک سر مے خجالت سیں گریبان کے بیچ
ہوی زباں لال ترے ہاتھ سیں کھاتے بیڑا — کیا فسوں پڑھ کے کھلاتے تھے مجھے پان کے بیچ

و نیز مثنوی ایہام در تعریف حقہ بہ عجب پیچ و تاب بستہ از دست —

تمنا کو کو نہ جیا تو کیا سبب ہے — ملا ہے گر نہیں اور کیوں گڑ طلب ہے
طلب ہے گڑ کی اس کو اس سبب سیں — ملا دے گر اسے لا سن کے لب سیں

---

با ینہا چہ کار۔ شعر بسیار دارد۔ دیوانش تا ردیف میم بدست آمدہ بود، و پارہ اشعار آن نگاشتہ می شوند۔ با من آشنائے بیگانہ است (نکات الشعرا ص ۵۹)

۲۔ اسرار معنی را ملہم محمد حاتم حاتم۔ برخود می چیند و سیاہ مستانہ می ردد

ملا جب گڑگڑا کو نام پایا — ہر اک نے چاہ کر تب منہ لگایا
کہے حقہ تنبا کو کیوں جلے ہے — کہ گنگا جل ترے پاؤں تلے ہے
اگن کو اب نئے بس نے بجھاوے — و گرنہ باعث جلنا بتاوے
تنبا کو نے کہا حقہ سے جل کر — برہ کی بات ہے سن تو سنبھل کر
اگن میں جان کر جو جی جلاوے — چمن میں عشق کے تب گل کہاوے
مری نکہت سے آتش تاب نئے ہے — اگرچہ نام اس کا آب نئے ہے
اگن میں پھول اور ڈنڈی ہی جل ہیں — گل خورشید ہے مثل کنول ہیں
کنول میں کوئلہ مثل اسو بنر ہے — بھنور پر چمپا سر پوش زر ہے
سنا حقہ نے تنبا کو کا احوال — جگر کے خون سے رو رو کر بھر آیا ل
کہا یہ سچ سیتی سوا از دسات — کہ ہیگا کام ہم سب کا ترے ہات
یہ سن من مار پیچا پیچ کھا کر — جبیں پر چیں چڑھا سینہ دکھا کر
کہانے میں کہ نے سب کی خبر رکھ — اپس کے دل جلوں اوپر نظر رکھ
پیا ہو بہر باں حقہ بلایا — گرم کرلے کے پیچا مونہہ لگایا
لگا وہ لب سیتی یکدم میں پی نے — غوغا برپا کر دیا عالم میں پی نے
لگا ہہاں تب حق حق پکارا — کہ جیوں منصور پھر آیا دوبارا

---

زاد و بودش شاہ جہاں آباد است و طبع صرفش نقد و قلب سخن را نقاد۔ (تذکرۂ گردیزی قلمی)

۳۔ محمد حاتم۔ حاتم تخلص۔ ہم صحبت میاں مضمون و آبرو است اصل و منشاوے شاہجہان آباد است و در روزگار سلطنت محمد شاہ بادشاہ منصب نذیری و خدمت بکاولی نواب عمدۃ الملک مغفور پایہ امتیاز داشت۔ بعد فوت او توکل روزگار نمود با کمال آزادگی می گذراند۔ کلیاتش ضخیم است

نہ حقہ میں صدا ہے سرسری جان — کنہیا ہات گویا بانسری جان
بجا یہ حقہ ویچے میں لے ہے — جو مطرب ہات چھلے دارنے ہے
نہ نے پرسا لوی برہانپوری ہے — کہ جیوں کالے پہ کالی کیچلی ہے
نہیں حقہ مگر افغان لپٹا ہے — کہ چیرا کو چلی کا سر اوپر ہے
زری کی انیڈوی حقہ کی یا نال — رہے ہو رات دن مانند خلخال
کمند دست محبوباں یہی ہے — انیس و ہمدم خوباں وہی ہے
یہی ہے یار یارو دل جلوں کا — یہی ہے درد میں ساتی سبھوں کا

---

وابیات دیوانش قریب چہار ہزار بیت از نظر گذشتہ۔ شعر خوب جستہ جستہ می برآید۔ حق تعالے سلامتش دارد (مخزن نکات ص ۲۴)

۴۔ شیخ محمد حاتم۔ حاتم تخلص عمدہ نکتہ پردازان وعلامہ سخن طرازان است۔ نکات رنگینش تازگی بخش دلہاے محزون وخیالات دل نشینش از نزاکت معانی مشحون۔ اشعار دلاویزش گلدستہ انجمن وبہارستان طبعش اشک افزاے چمن است مثنوی حقہ کہ بہ جعفر علی خان زکی محمد شاہ بادشاہ فرمایش نمودہ بود از دو دو شعر موزون شدہ دیگر سرانجام نہ یافت شیخ محمد حاتم بہ اتمام رسانید۔ بہ نظر امعان جملہ سی بیت است۔ دران جا می گوید

کہا پیچوان نے یہ سب کی خبر رکھ — تو اپنے دل جلوں اوپر نظر رکھ
پیا ہو مہرباں جس دم پلایا — کرم کر لیکے پیچا منہ لگایا
لگا منہ نال تب حق حق پکارا — گویا منصور یہ آیا دوبارا
نہ حقہ میں صدا ہے سرسری جان — کنہیا ہات گویا بانسری جان

سبھوں کو اس کا پسینا سود دیوے گا — دھواں طفلوں کے حق میں دود دیگا

نہ بولے آپ سیں جب لگ نہ بولو — کھلے نہ ہیچ جب لگ نہ کھولو

بہت سا جگ میں حاتم ڈھونڈا آیا — پھر ایسا دوسرا ہمدم نہ پایا

## آبرو (١٣)

میر مبارک آبرو تخلص در ایام محمد شاہ بادشاہ ترک منصب و دنیا کردہ بود متوکل و صاحب دیوان است ۔ اشعارش در تمام ممالک محروسہ مشہور و معروف خصوص در دارالخلافہ شاہجہاں آباد دستنبوئے وقت است ۔

رستم اس مرد کی کہاتے ہیں قسم زوروں کی — تاب لاتا ہے جو کوئی عشق کے جھکجھوروں کی

قادری جب سے سجی بر میں سجن بوٹی دار — عقل چکر میں گئی دیکھ کے چھب بوٹوں کی

لب میگوں پہ سیرجن کے نہیں خط سیاہ — ڈار ٹوٹی ہے مٹھائی شکر خوروں کی

گانٹھ کاٹی ہے مرے دل کی تری انکھوں نے — دو پلک نیں یہ کترنی ہے مگر چوروں کی

قدرداں حسن کے کہتے ہیں اسے مردہ دل — سانولی چھوڑ کے جو چاہ کرے گوروں کی

آبرو کوں نیں کم ظرف کی صحبت کا دماغ — کس کو برداشت ہے ہر وقت کے تک توڑوں کی

### ولہ

نہیں گھر میں فلک کے دلکشائی — کہاں ہوتی ہے یاں میری رسائی

---

بقیہ گذشتہ

نہ تھے پر سانولی برہان پوری ہے — کہ جیوں کالے پہ کالی کیچری ہے

بوقت تحریر ایں چند ابیات دیوانے ضخیم از و بدست آمد (چمنستان شعرا ١٤٣)

کریں جو بندگی ہوویں گنہگار　　نرالی ہے بتوں کی کچھ خدائی
تم اپنی بات کے راجا ہو پیارے　　کہے سے ہوتی تم کو ضد سوائی
ذبح کرنے کو ناحق بے کسوں کے　　بتا تیری کمر کس نے کسائی
رہیگا نا نو کیونکر آبرو کا　　گلی اس راہ کی جب ہاتھ آئی

ولہٗ

آیا ہے صبح نیند سے اٹھ مسکراتا ہوا　　جامہ گلے میں رات کا پھولوں بسا ہوا
کم مت گنو یہ بخت سیاہوں کا رنگ زرد　　سونا وہی جو ہووے کسوٹی کسا ہوا
قامت کا سب جگت منے بالا ہوا ہے نام　　قد اس قدر بلند تمہارا رسا ہوا

---

۱۔ میاں نجم الدین عرف شاہ مبارک متخلص بہ آبرو متوطن گوالیار نبیرہ حضرت محمد غوث گوالیاری است نور اللہ قبرہ از ابتدائے جوانی در شاہجہان آباد آمدہ چنانچہ مشق سخن ہم اینجا کردہ۔ شاگرد خان صاحب سراج الدین علی خان است۔ از چشم پوشی روزگار در جوان شود یک چشمش از کار رفتہ بود۔ شاعرے نادرہ گوئے ریختہ ی گویند کہ طبع شوخے داشت غرض متقی وقت خود بود کہ عہد محمد شاہ باشد۔ خدااش مغفرت بکند (نکات الشعرا ص ۹)

۲۔ شمع محفل گفت و گو شیخ نجم الدین مبارک آبرو۔ گوالیہ متوطن ان بزم آرائے معنی است و خاطرش گنجینۂ گوہر سخندانی۔ حتماکہ معنی تلاش را بر طاق بلند گذاشتہ و باستقلاح مملکت سخن رایت شاہی افراشتہ مدنا رتول مدتے بہ رفاقت حضرت ابوی دام ظلہ بسر بردہ و بہ جائزات نمایاں موصول گردیدہ (تذکرہ گردیزی قلمی)

زاہد کے قد کے خم کو مصور نے جب لکھا — تب کلک ہاتھ بیچ اتھا سو عصا ہوا
زاہد ہے آج مجمع رنداں میں نیم جاں — خرگوش جیوں کہ پھیر میں آ ادنا ہوا
یوسف کو اپنے اور گیا کھینچ چاہ سے — مضمون جذب عشق زلیخا رسا ہوا
اے آبرو او دل ہے سمجھ پیچ عشق کا — پھر زلف سیں نکل نہ سکے دل پھنسا ہوا

## ولہ

کیا ادا سے وو بہوں مٹکتی ہے — کہ مرے دل میں جا کھٹکتی ہے
زلف کی شان مکھ اوپر دیکھو — کہ گویا عرش پر لٹکتی ہے

---

۳۔ شاہ مبارک متخلص بہ آبرو مردے بود درویش منش قلندر مشرب متوطن گوالیار از فرزندان محمد غوث ۔ بعالم حسن پرستی اشتہار تمام داشت چنانچہ مثنوی صد و پنجاہ بیت درباب تعلیم آرائش خوباں روزگار بسیار بسدانت موزوں کردہ است بالجملہ شعر ریختہ بوضع خود بسیار مربوط می گفت و مشق سخن بخدمت سراج الدین علی خاں آرزو میکرد کہ بالفعل در فضیلت و کمال فوقش متصور نیست حق تعالی سلامتش دارد وزیادہ بریں از کمالات آں بزرگوار مثل من ہیمداں چہ نویسد کہ شمار قطرہ آب باراں نمودن و مساحت افلاک پیمودن است ہر چند دماغ ہیچو شخص بہ ریختہ وفا نمی کند لیکن وسعت اخلاق آں تا بحدیست کہ شعر میاں آبرو را بہ نظر اصلاح ملاحظہ می نمودہ بلکہ گاہ گاہ و بہ پاس خاطر ذوق خود ہم دو سہ بیت ازیں قبیل می فرمودہ (مخزن نکات ص ۱۲)

۴۔ شیخ نجم الدین آبرو آبرو بخش بزم سخن و سرخروے معرکہ ایں فن است گلستان گوالیر از آب پاشش منشش اب و رنگے تازہ گرفتہ و نہال ہستی او مدتے در بار لو

کیا ہوا اگرچہ مر گیا فرہاد — روح پتھر سے سر پٹکتی ہے

## ولہ

کیا قہر ہے پیارے رخ کا ترے مٹکنا — پھر قہر پر قیامت اس زلف کا لٹکنا
ملا کے نین پیارے اسپند کر جلا دے — کیوں مارتا ہے نازک رخسار پر چٹکنا
جس گال کی صفا پر نظریں نہیں ٹھہرتیں — اس گال پر عجب ہے دل کا مرے اٹکنا
ابرو غلیل لب پہ تل کا رکھا غلیلا — ہر زاغ بوالہوس کا مشکل ہے واں پھٹکنا

---

طراوت پذیرفتہ درمعنی یابی بدیواں موزوں خیالی داد سخن میدہد و گلگشت خیابان اشعارش انشراح فراواں بہ نظارگیاں می بخشد۔ متانت الفاظ و نزاکت معنیش بر سخن فہمان انصاف درست روشن است۔ اشعار ایہام بسیار میدارد و مرزا رفیع سودا اورا در مقطع یاد می کند و می گوید۔

دل کم ظرف سے ہرگز بقول آبرو سودا — کسے برداشت ہے ناحق اٹھاوے کون نکھٹورا

می گویند کہ در عہد محمد شاہ بادشاہ تاج زندگی بر سر می داشت مثنوی او متضمن بر ترغیب آراستگی معشوق کہ جلد یکصد بیت خواہد بود بہ نظر در آمد مطلعش اینست

ہے سزاوار ستائش وہ باکمال — جلوہ گر جس نے کیا حسن اور جمال

حق کہ شاعر شیریں مقال و معنی یاب متین خیال است دودمان وجود ہستی آواز چراغ سراج الدین علی خان آرزو ضیا گرفتہ و لولوئے گراں بہائے سخن را بہ نہایت آب و تاب در رشتہ نظم سفتہ۔ نسخہ دیوانش بہ نظر در آمد۔

(چمنستان شعرا ص ۸)

# (۱۴) مظہر

مرزا مظہر جانجاناں مظہر تخلص کہ اشعار فارسی کو ہندی او از بلاد ہندوستان
تا دکھن زبان زد عالم اظہر من الشمس است۔ از اوست

ہم گل کو بھیجا ہے مجھے خط صبا کے ہاتھ
اس واسطے پڑا ہوں چمن میں ہوا کے ہاتھ

---

۱۔ مرزا جان جاں مظہر تخلص مردیست مقدس، مطہر، درویش، عالم، صاحب کمال شہرۂ عالم، بے نظیر، معزز، مکرم۔ اصلش از اکبرآباد است۔ پدر او مرزا جان جان نام داشت از فرط شفقت مرزا جان جاں می گفت۔ ازیں سبب ہمیں اسم موسوم است۔ بندہ بخدمت در رفتہ سعادت اندوز گشتہ است۔ اکثر اوقات در یاد الٰہی صرف می کند۔ خوش تقریر بمرتبہ است کہ در تحریر نمی گنجد۔ دیوان مختصر شعر فارسی او بہ نظر فقیر مولف آمدہ است از سلیم دکلیم پایہ کمی ندارد۔ اگرچہ شعر گفتن دون مرتبہ است لیکن گاہے متوجہ ایں فن بے حاصل نیز می شود۔ انعام اللہ خاں یقین و خریں کہ شاعر ریختہ اند از شاگرداں اویند۔ غرض مرزا عجب کسے است (نکات الشعرا ص۵)

۲۔ ادا فہم معنی پرور مرزا جان جاں مظہر اصلش از معمورہ بخارا و مولد و منشاش اکبرآباد۔ ذاتش بہ شرافت نسب و نبالت (؟) حسب موصوف است بہ مکارم اخلاق شریف معروف۔ حقا کہ ذاتش مظہر تجلیات الٰہی است و مظہر انوار فیوضات غیر متناہی۔ از بدو حیات الیٰ یومنا ہذا کہ عمر شریفش بہ پیانہ اٰشش خطوہ متین از بلند فطرتی بہ توکل و انزوا بسری بردہ و از والا ہمتی سر استغنا بہ بادشاہ و وزیر فرو نساختہ۔ متکی مسند فراغت و مربع نشین چار بالش عزلت از انجا کہ اشلم

جلتا ہوں میرزائی گل دیکھ ہر سحر — سورج کے ہاتھ چوری پنکھا صبا کے ہاتھ

---

(بقیہ گذشتہ) فقہ و حدیث حظے وافر دارد و از کتب سیر و تواریخ بہر مکاثر نزش از بلند ہمتی بہ شعر و شاعری فرو نمی آید۔ و ایں شغلہا را سرمایہ افتخار نمی انگارد۔ چنانچہ اکثرے از اشعارش از راہ بے پروائی از صفحۂ خاطر محو شدند و برخے از عدم اعتناء و توجہ بایں فن مہجور ابتر گشتند۔ لیکن چوں عشق سخن سر رشتہ لب و سخن است و ہر معنی جاگزیں دلش از فرط امتلائے عشق معنی ہرگاہ از صحبت صوفیان خانقاہ و مستفیداں خدا خواہ فرصتش دست بہم می دہد متوجہ شغل بے حاصل می گردد۔ و مرزا مظہر فارس دو میدان دو انا و مملکت بیان است چہ شعر فارسی اش بغایت لطافت و نظم ریختہ اش نہایت عذوبت۔ (تذکرہ گردیزی قلمی)

۴۔ مرزا جان جاناں مظہر سلمہ اللہ تعالیٰ عالم و عامل عارف کامل سر آمد ارباب تحقیق و پیشرو اہل تدقیق است۔ در ظاہر و باطن مرتبہ رفیع و شانے عظیم دارد در اوائل جوانی کہ مقتضائے آں ظاہر است بہ شعر و شاعری مشغول بود۔ آخر حال خود را از اں اندیشہ باز داشتہ بر سجادۂ طاعت بہ فقر و قناعت می گذراند۔ و ہمیشہ ہمتش مصروف تکمیل اہل ارادت می باشد۔ ایں چند بیت ریختہ و غیرہ تلامذہ ایں فن برائے تعلیم انعام اللہ خاں یقین موزوں کردہ۔ (مخزن نکات ص ۳۴)

۵۔ میرزا جان جاں مظہر سلمہ اللہ تعالیٰ بادہ نوش خمخانہ معنی و جرعہ چش ساغر سخندانی است۔ فقیر ترجمہ احوال آں علامہ سخن پرداز مفصلاً از تذکرہ قبلہ برحق حضرت غلام علی آزاد مدظلہ العالی می طرازد۔ و ایں گلدستہ رنگیں را حسن افتخار خود بشناختہ زیب انجمن می سازد کہ "میرزا مظہر جان جان سلمہ اللہ تعالیٰ مظہر فیض الٰہی ست

آزاد ہو رہا ہوں دو عالم کی قید سے میں　　　　میناؔ لگا ہے جب سینی مجھ بے نوا کے ہاتھ

(بقیہ گذشتہ) و مشرق صبح آگاہی شاہ مسند فقر و فنا مقیم آستان توکل و استغنا
نام والد ما جد او میرزا جان است ازیں جا وجہ تسمیہ او تواں دریافت۔ اما نام و تخلص او
گویا غایت ترجمان اسرار قیومی مولانائے رومی است کہ پانصد سال پیش ازیں در
دفتر ششم مثنوی ارشاد فرمودہ کرامتے نمایاں بہ حضار انجمن استقبال وا نمودہ یعنے

جان اول مظہر درگاہ شد　　　　جان جان خود مظہر اللہ شد

لیکن نام او بر السنہ میرزا جان جاناں جاری شدہ ایں اسم ہم معنی بلند دارد۔
فقیر را با میرزا ملاقات صوری صورت نہ بستہ اما غائبانہ اخلاص کامل است و ہمیشہ
بہ آمد و رفت مراسلات حظ ہم کلامی حاصل۔ میرزا جامع فقر و فضیلت و سخن گستری است
و در قبضۂ اسم خود روح الروح معنی پروری عروس متعال را بہ مشاطگی ذہنش
طرز تازہ و تصویر خیال را بہ تر دستی فکرش حسن بے اندازہ۔ شعلۂ آوازش آتش زن
خرمنہا و شوخی اندازش شور افگن انجمن ہا۔ فقیر در اثنائے تحریر ایں کتاب تکلیف
ترجمہ کرد۔ میرزا ترجمہ خود و اشعار آبدار بہ تحریر درآورد و متاع نفیسے از انفاس نفیس
ہدیۂ دوستاں ساخت۔ نسخہ برجستہ این است۔ فقیر جانجاناں متخلص بہ مظہر پسر میرزا
جان، جانی تخلص، علوی نسب، ہندی مولد، حنفی مذہب، نقشبندی مشرب است۔
و در عشرۂ اولیٰ مائۃ ثانیہ بعد الف ولادتش اتفاق افتاد و نشو و نمائے ظاہری در
بلدۂ اکبرآباد یافتہ۔ تربیت باطنیش در معمورہ شاہجہاں آباد از جناب سید محمد
بداؤنی نقشبندی مجددی واقع شد۔ سلسلہ نسبتش بہ بیست و ہشت واسطہ بتوسط
محمد بن حنیفہ بہ شیر بیشہ کبریا علی مرتضی کرم اللہ وجہہ منتہی شود۔ جد اعلیٰ از

برگ حنا اوپر لکھو احوال دل مرا شاید کبھی تو جا کے لگے دل ربا کے ہاتھ

(بقیہ گذشتہ) امیر کمال الدین در اوایل مائۃ تاسعہ از خطہ طائف بہ جذب قسمت بجد و در ترکستان رخت اقامت انداخت و بہ فرمانروائی بعضے ازآں ممالک عمر گزرانید۔ اولاد کثیرہ بہم رسانید۔ ازآنہا امیر مجنون و امیر بابا در حین فتح ہندوستان کہ بردست ہمایوں پادشاہ اتفاق افتد دریں مملکت وارد شدند۔ ازاں باز خدمت و رفاقت سلاطین گورگانیہ شعار مردم ایں خاندان بود۔ میرزا جان مذکور کہ در ششم مرتبہ از امیر بابا و در عدد دوازدہم از امیر کمال الدین مسطور واقع است بہ عہد عالمگیر پادشاہ علیہ الرحمہ بعالی منصب ترک دنیا سرفراز گردید۔ و ایں خاکسار از بدو طفلی ہوائے مال و جاہش زر در سر نہ پیچید۔ بعد تحصیل ضروریات ایں مشت غبار خود ابدامن دولت از خود فرنگان بستہ بامید آنکہ چشمے در عالم دیگر باز کند۔ چوں نقش قدم بر در ایشاں نشستہ است ازیں دماغش ضعف قوی دارد و تاب تدبیر اسباب نمی دارد و تجرید و تفرید سے اختیار کردہ نان برخوان دو نان نخورد۔ و چوں گل عمر خود را بہ یک خرقہ بسر بردہ بہ تحریک شور عشقے کہ نمک خمیر اوست گاہ لبے بہ فریاد و اکند و چوں نالہ اش موزوں واقع می شود احباب از راہ جوہر شناسی بہ میزان اشعارش می سنجند۔ وگرنہ او را از غایت انصاف نظر بہ بے سرمایگی خود دکانے بر سخن نچیدہ۔ زیادہ بریں ہمت کہ نظر بزرگاں یافتہ حسن قبولے بہم رسانیدہ است۔ او سبحانہ حسن خاتمہ ہم نصیب کند۔ راقم سطور یعنے صاحب می گوید کہ ذات میرزا مغتنم است۔ حق جل جلالہ دیر گاہ سلامت دارد۔ ہمائے توصیفش نہ مرغ است کہ بہ چنگ شاہین تقریر آید و صحرائے تعریفش نہ خطہ است کہ

مظہر چھپا کے رکھ دل نازک اپن کا توں ۔ یہ شیشہ بیچنا ہے کسی میرزا کے ہاتھ

## (۱۵) سودا

مرزا محمد رفیع سودا تخلص منصبدار بودہ متوطن شاہ جہاں آباد۔ مرد سودا مزاج و کم سخن، ازاوست۔

(بقیہ گذشتہ) خناک تیز گام تحریر طے نماید۔ کمال فضل او از کلام یقین کہ یکے از تلامذہ چوں شہنشاہ جہان معنی است پیدا می شود۔ والا رتبہ اقتدارش از حدیث درد مند کہ جانگی خوار مایدۂ آں ماہ آسمان سخندانی است ہویدا می گردد۔ لآلی منظومات فارسیش از لآلی بہ نہایت غلطانی و ثواقب طبع زاد اشعارش در غایت درخشانی است (چمنستان شعرا ص ۲۴۶)

۱۔ میرزا رفیع المتخلص بہ سودا کہ جوانیست خوش خلق و خوش خوے، گرم جوش، یار باش، شگفتہ روے مولد او شاہجہاں آباد است، نوکر پیشہ، غزل و قصیدہ و مثنوی و قطعہ و مخمس و رباعی ہمہ را خوب می گوید۔ سرآمد شعراے ہندی اوست، بسیار خوشگو است، ہر شعرش طرف لطف رستہ رستہ، و در چمن بندی الفاظش گل معنی دستہ دستہ۔ ہر مصرعہ برجستہ اش را سرو آزاد بندۂ پیش فکر عالیش طبع عالی شرمندہ۔ شاعر ریختہ چنانچہ ملک الشعرائی ریختہ او را شاید۔ قصیدہ در ہجو اسپ گفتہ بہ تضحیک روزگار دور از حد مقدور در او صنعتہا بکار بردہ مطلعش اینست۔

ہے چرخ جب سے ابلق ایام پر سوار ۔ رکھتا نہیں ہے دست عناں کا یہ یک قرار

اکثر اتفاق طرح غزل باہم می افتد۔ غرض از مغتنمات روزگار است

سودا ہوا ہے لیک رگ دل میں جوش ہے — تم نشتر مژہ سیں صنم خون کم کرو

---

(بقیہ گذشتہ) حق تعالیٰ سلامتش دارد (نکات الشعرا ص ۳۲)

۲- نکتہ داں بے ہمتا مرزا محمد رفیع سودا - مردیست سپاہی پیشہ، درست اندیشہ۔ حقا کہ رتبۂ شعرش عالی است و سخن دردمندانہ اش حالی۔ امروز در میدان گفت و گوئے سبقت از اقران و امثال خود می رباید و داد معنی یابی و رنگین خیالی می دہد (تذکرہ گردیزی قلمی)

۳- عندلیب خوش نغمۂ گلشن روزگار۔ گل سرسبد محافل اشعار، یگانہ کشور فضل نقادہ دودمان کمال، انتخاب نسخہ صاحب کمالی حضرت میرزا رفیع سودا مدظلہ العالی دریچۂ نزہت گاہ معنی بروئے وے کشادہ است کہ دو مصرع کلک طرازش شہرت را آمادہ اشعار رنگیں و قصاید متین دارد۔ چنانچہ قصیدہ کوہ دو پیکر و رزمیہ بہار و بحر بیکراں و تضحیک روزگار وغیرہ از تصانیف اوست۔ والد شریفش مرزا شفیع نام مغل زاد بہ عمل تجارت مشہور بود۔ بہ وقت معہودہ بقدس بریں شتافت زرے کہ از ترکہ وے بدست مرزا افتاد در مدت قلیل بہ مقتضائے شاعر مزاجی برسبیل یا دوستیہا بباد داد و بہ مصاحب پیشگی برآمد۔ قبول ملوک نامدار و تقرب سلاطین عالی مقدار او را میسر گشت۔ بالفعل بخطاب ملک الشعرائی کہ ہمین پایۂ سخنوران است اعزاز و امتیاز دارد۔ الٰہی سایہ اش از سرے سرو پایان کم مبادا بہ مجنون و فرہاد (مخزن نکات ص ۳۵)

۴- میرزا محمد رفیع سودا تخلص صیاد غزالان سخن و سرآمد نکتہ سرایان ایں فن است

نسیم بھی ہے زمانے میں اور صبا بھی ہے ۔ ہماری خاک کو دیکھو کہ کچھ رہا بھی ہے
سنبھال رکھ یہ قدم خار دشت پر مجنوں ۔ کہ اس نواح میں سودا برہنہ پا بھی ہے

---

(بقیہ گذشتہ) شاہین زبان ناقص بیان کہ پارۂ لحمے بیش نیست چہ جرات کہ بہ ہوائے توصیف آں ہمائے اوج نازک خیالی چنانکہ باید بال کشاید۔ و شبدیز قلم و زبان راکہ ہیش از گیاہ نہ چہ قدرت کہ در میدان تعریف آں فارس مضمار خوش مقالی جولاں نماید۔ خلعت رنگین سخن طرازی بہ قامتش دوختہ اند و طوطیان ہندوستان شکر بیانی از آں آئینہ دل آموختہ۔ گویا نزاکت مضامین دلچسپ حسن بہ یوسف بہ قماشش حسن اختتام پذیرفتہ و ایں زبان کج مج ریختہ در زمانش بہ یمین اقبال آں نکتہ پرداز درجۂ علویت کردہ (. . . . .) ازاں ملک الملوک مملکت فن و شہنشاہ قلمرو سخن امروز بہ کوس انا و لا غیری . . . . . جو ہر آمعنی بلند و غواص لآلی دل پسند۔ الحال . . . بصوبہ دکن بانگ نغمات و ہد بطور شں خوش نما۔ کلیاتش متضمن بر قصاید و مثنوی و . . . . مخمس و ترجیع بند و قطعہ و رباعی و مرثیہ قریب دو ہزار بیت بہ نظر اسعان رسیدہ . . . . ازاں دریافت باید کرد کہ چہ لآلی گرانبہا بسلک نظم کشیدہ . . . . . کہ در ہمہ اقسام سخن ممتاز اقران بر آید و موز ونے بسمع نرسید کہ در پلہ میزان اقتدار کامل بیار نماید۔ اگر صریر کلکش را ہمدم اعجاز مسیحا انگارم بجا کہ دل مردگاں را حلول جان تازہ ازاں متصور۔ و اگر چشمہ خضر را در ظلمات الفاظ نوالیش پندارم روا کہ حیات سخن نام صاحب از و ممکن۔ حقا کہ ہر نقطہ نقش پذیر قلمش مثال سیاہی مردم بر بیاض دیدۂ جاودانی است و ہر یک بیت طبع زادش چوں مصرعیں ابرو بر چشم نہادنی قصیدۂ او قریب شصت بیت در مدح نواب سیف الدولہ بہادر و در تمہید ہجو بعضے شعرائے دہلی . . زماں آمدہ تمہید خوبے دارد

(چمنستان شعرا ۱۲۲،۲)

# (۱۶) ناجی

ناجی شاعر بود در شاهجهان آباد۔ مضمون ہائے خوب می بست۔ از اوست

ڈوب گئے کئی ملک جب کھولی لب دریا پہ زلف ٭ حیف ناجی کو نہ پوچھا کس لہر میں بہ گیا

---

۱۔ محمد شاکر ناجی جوانے بود ابلہ رو، سپاہی پیشہ۔ مزاجش بیشتر مائل بہ ہزل۔ ہم

معاصر میاں آبرو۔ بندہ با او یک دو ملاقات کردہ بودم۔ شعر ہزل خود می دارند

(می خواند) و مردمان را خندہ می آورد و خود نمی خندید۔ مگر گاہے تبسم

می کرد۔ وطنش شاہ جہاں آباد۔ جوان از جہاں رفت (نکات الشعراء ص ۲۲)

۲۔ محمد شاکر ناجی گویند روئے بہرزہ داشت و بہ عنوان سپہ گری عمر

می افراشت طبعش اکثر مائل با ہاجی بود (تذکرہ گردیزی قلمی)

۳۔ محمد شاکر ناجی تخلص سپاہی پیشہ بود در مطاوی کہ مصرع شعر پر از معنی آبدار

ودیعت می نہاد۔ وبہ درستی طبع و رسائی فکر داد سخنوری می داد و زاد گاہ او دار الخلافت

شاہ جہاں آباد است۔ با برادر فقیر کہ منعم تخلص می کرد و شعر فارسی بسیار بہ تلاش ہائے

معنی نیکو می گفت رابطہ اتحاد مربوط داشت۔ گاہ گاہ بتقریب خانہ تشریف می آورد۔

بندہ خود در خورد سالی او را دو سہ بار دیدہ ام مزاجش خیلے مائل مزاح بود۔ اﷲ تعالیٰ

رحمتش کناد (مخزن نکات ص ۱۱)

۴۔ محمد شاکر ناجی تخلص۔ از شعرائے شاہ جہاں آباد است۔ شعرش آب و رنگ تازہ

و معنی اش بے اندازہ ۔ ۔ ۔ (چمنستان شعراء ص ۳۰۹)

# (۱۷) تاباں

میر عبدالحی نام تاباں تخلص مغل زادہ از ہم مجلسیان میرزا مظہر جان جانان

فرد خوب گفتہ ؎

مضرت ہی تجھے عاشق کے مارے سیتی اے ظالم — کہ ہم تلخی کشوں کا خون ہیک زہر قاتل ہے

---

۱۔ میر عبدالحی تاباں نوجوان با مزہ بود۔ سید نجیب الطرفین مولد او شاہجہان آباد است بسیار خوش فکر و خوبصورت، خوش خلق، پاکیزہ سیرت، معشوق عاشق مزاج تا حال در فرقہ شعرا ہمچو او شاعر خوش ظاہر از مکمن بطون عدم و بعرصہ ظہور جلوہ گر نہ شدہ بود۔ زبان رنگینش پاکیزہ تر از برگ گل. گلستان سخن را نازک دماغ بلبل سمند رنگینی فکرش با گلگوں باد بہار طالق النعل با النعل است ہر چند عرصہ سخن او ہمیں در لفظہاے گل و بلبل تمام است اما بسیار بہ رنگیں می گفت از دیدن رنگ آتش بے اختیار از دہن من گل کمالش سر می زد۔ بنسبت بہ شعر او استاد او را رتبہ شاگردی او نہ بود۔ با فقیر یک صفائی داشت۔ از چندے بہ سبب کم اختلاطی این ہیچمدان کدورتے میان آمدہ بود۔ اجلش مہلت نہ داد کہ تلافیش کردہ آید۔ آخر آخر کہ اوائل جوانی او بود ایں قدر مداومت شراب کردہ کہ ملاقات ہمہ یاران موقوف شد۔ اکثرے از دوستانش کہ بخانہ او می رفتند او را مست طافح می یافتند و آب بر دن این ناجرا را ببینید کہ ہشت ہفت روز ودیعت حیات سپردن او باقی ماند یک مرتبہ توبہ کردہ و بہ ہمہ آشنایان خود رقعہا نوشتہ کہ عزیزان من توبہ کردہ ام شما شاہد و خبرگیران

نقل است روزے مصرع از زبان میر مبارک آبرو بدیہہ طبع زاد گردید
مصرع اینست ۔

دہلی کے شاعروں میں اک آبرو ہوا ہے

چنانچہ از اہل محفل تاباں در مجلس میرزا مظہر جان جاناں مصرع صدر برخواند
میرزا در جوابش فی الفور ایں مصرع رسانید ع

جانے سے ایک چشم کے بے آبرو ہوا ہے

---

(بقیہ گذشتہ) من باشید چرا کہ شراب بہ سبب کثرت استعمال مزاج من شدہ بود از گذاشتن ایں از خود گذشتن من پر نزدیک می نماید۔ غافل از احوال من بودن از عقل بسیار دور است ۔ آخرالامر ہماں شد کہ گفتہ بود ۔ حاصل آفتاب تابان عمر او زود بہ لب بام رسید معشوق عجیبے از دست روزگار رفت ۔ افسوس افسوس، افسوس، امید قوی است کہ حق تعالیٰ مغفرتش کردہ باشد (نکات الشعراء ص ۱۴۱)

۲۔ نخل بند گلشن بیان میر عبدالحی تاباں جوانے بود خوب صورت و خوش سیر شمع محفل جانہا و چراغ بزم دلہا ۔ در خاک پاک ہندوستان نخل حیاتش و بلند شد و در ہمیں گل زمین بہ نشو و نما رسیدہ ۔ در عنفوان جوانی خاک مال فلک خوردہ بیانہ حیات مستعار برچیدہ، داعی اجل را اجابت کردہ (تذکرہ گردیزی قلمی)

۳۔ خانہ برانداز محبت خراماں میر عبدالحی المتخلص بہ تاباں جوانے بود در نہایت حسن و جمال ہم صحبت یاران حال ۔ باوجود لیلیٰ فنی مجنون را آداب محبت آموختی و باکمال انجمن آرائی شمع وار داغ بر جگر سوختی ۔ اخلاق حمیدہ و اوصاف پسندیدہ داشت

مردماں ایں مصرعۂ ثانی را باز بہ سمع میر مبارک آبرو رسانیدند میر فوراً بر زبان آورد

کیا ہوا حق کے کئے سے کور میری چشم ہے　　　آبرو جگ میں ہے تو جان جاناں پہ ہے

میرزا مظہر جان جاناں در جوابش فی الفور گفت ؎

مبارک باد تم کو آبرو صاحب سخنور ہو　　　بھلے ہو یا برے ہو خوب ہو کان جواہر ہو

(بقیہ گذشتہ) آخر حال بہ رفاقت نواب عنایت اللہ خاں بہ تنعم می گذراند۔ چوں در خوردن کثرتہا کرد۔ رطوبت فضلی بہم رسانده مستقی گردید دریں ہمیں احوال از جہاں رفت

(مخزن نکات ص ۵۲)

(۴) میر عبدالحی تاباں تخلص طوطی است شکر بیان و بلبلے است ہزار داستان آفتاب طبیعتش بہ نہایت درخشانی و لآلی گراں بہائے سخنش بکمال انشائی است۔ می گویند کہ از وجاہت صوری نصیب وافر داشتہ بود۔ متانت معنیش دل نازک خیالاں را صید می نمود لیکن آخر در عین عنفوان شباب ورق زندگانی بگردانید و موجۂ گلگشت جاودانی گردید

اے ع طفلے کہ خوش محاوره افتد نماندنی است۔ میر تقی میر در تذکرہ نکات الشعرا اوراشاگرد محمد علی حشمت می نویسد و در دیوان خود اقرار تلمذ حاتم می نماید چنانچہ می فرماید ؎

اب ہی رتبہ ہوا ہے تب سے اس کے شعر کا　　　جب سے حاتم نے توجہ کی ہے تاباں کی طرف

نیز می گوید ؎

ریختہ کیوں نہیں حاتم کو سناؤں تاباں　　　اس سوا دوسرا کوئی ہند میں استاد نہیں

حاتم در دیوان خود اکثر جا یاد می کند ؎

ریختہ کے فن میں ہیں شاگرد حاتم کے بہت　　　پر توجہ دل کی ہے ہر آن تاباں کی طرف

ظاہراً تحصیل علوم بخدمت حشمت کرده باشد و اصلاح شعر از حاتم می گرفت ..... الحاصل اشعارہائے ریختہ او بسیار آمد بوقت تحریر ایں کتاب دیوان مختصرے قریب ہفتصد بیت بدست افتاد۔

# (۱۸) یقین

انعام اسد خاں یقین تخلص برادرزادہ میرزا مظہر[۱] در خدمت میرزا رسوخ تمام داشت۔ بنابراں میرزا خود بہ تخلص یقین ارشاد فرمودند۔ شاعر متین است۔ از اوست

اس کو اب خشم و رضا میرا برابر ہو گیا — حیف مضمون دیکھنے کا بھی مکرر ہو گیا
دلبروں کے نقش پا میں ہی صدف کا سا اثر — جو مرا آنسو گرا اس میں سو گوہر ہو گیا
کیا بدن ہوگا کہ جس کے کھولتے جامے کا بند — برگ گل کی طرح ہر ناخن معطر ہو گیا
آپ سے جب لگ نہ تھا واقف کہاں تھا یہ شکوہ — دیکھتے ہی آئینہ میں منہ سکندر ہو گیا
آنکھ سے نکلے پر آنسو کا خدا حافظ یقیں — گھر سے جو باہر گیا لڑکا سو ابتر ہو گیا

---

۱۔ انعام اللہ یقین تخلص شاعر ریختہ، صاحب دیوان، از بسکہ اشتہار دارد محتاج بہ تعریف و توصیف نیست۔ تربیت کردۂ مرزا مظہر است۔ پدرش اظہر الدین خاں نام دارد۔ با جدش در سرہند ملاقات کردہ بودم۔ بسیار آدم بامزہ یافتہ بہ سلوک پیش آمدہ و ضیافت فقیر کردہ تا دیر نشستہ صحبت مستوفی داشتم۔ شعر بطرز می گوید۔ آمدم بر سر مطلب۔ میاں یقین را مرداں می گفتند کہ مرزا مظہر او را شعر گفتہ می دہد و وارث شعرہائے ریختہ خود گردانیدہ۔ از قبول کردن ایں معنیش بندہ را خندہ می آید کہ ہمہ چیز بہ وارث می رسد۔ الا شعر مثلاً کسے بر شعر پدر خود یا بر مضمون او متصرف شود ہمہ کس او را دزد خواہند گفت۔ تا بہ شعر استاد چہ رسد۔ القصہ بر و پوچھے

## ولہ

طلا اس حسن کے شعلے آگے آب ہو جاتا　　　اسے گر دیکھتا رد پا پگھل سیماب ہو جاتا

---

(بقیہ گذشتہ) چیدے کہ بافتہ است کہ ما و شما نیز می توانیم بافت، ایں قدر برخود چیدہ است کہ رعونت فرعون پیش او پشت دست بر زمین می گذارد۔ بعد از ملاقات ایں قدر خود معلوم شد کہ ذائقہ شعر فہمی مطلق ندارد۔ شاید از ہمیں راہ مردمان گمان اموزونیت در حق او داشتہ باشند۔ جمع بر ایں اتفاق دارند کہ شاعری او خالی از نقص نیست۔ چرا کہ شاعر ایں قسم کم فہم نمی باشد از شخصے منقول است کہ بخانہ عطیت اللہ خاں کہ پسر نواب عنایت اللہ خاں مرحوم باشد یقین نشستہ بود و می گفت۔ از آں روزے کہ مرزا دست استادی در سر من داشتہ است شعر من ترقی کردہ شخص مذکور ایں مصرع نظامی پیش حضار مجلس بآواز بلند خواند۔ مصرع

